اردو اور عربی
کے 100 قیمتی
اصلاحی مضامین
المؤلف
عبد الرحیم فاضل
دار العلوم
جلد اول

اجازت اشاعت

اس کتاب کا ہر مسلمان کےلیے ہر طریقے سے شائع کرنے کا مکمل اجازت ہے۔ مقصود مسلمانوں کو فائدہ پہنچانا ہوں

كتاب قد حوى دررا.

بعين الحسن ملحوظة

لهذا قلت تنبيها

حقوق الطابع للعامة

إهداء وإعتراف لإصحاب الفضل

إلى حبيبى الشفعيع إمام ألأنبياء محمد بن عبد الله وإلى سائر ألأنبياءصلوات الله وسلامه عليهم وإلى أصحابهم اجمعين وإلى جميع معلمى حفظهم الله ولاسيما مربى ومعلمى

الشيخ مولانا إحسان الحق الشامنصورى حفظه الله ورعاه وإلى والدى و أمى وإلى جميع إخوتى واخواتنا وإلى جميع المسلمين والمسلمات

أللهم تقبل منى ومنهم هذا البضاعة

آمين

- **لا خير في صُحْبَةِ مَن لا يَرى لك مِن الحق مثل الذي تَرى له**

قال الفقيه ابن جُزي المالكي -رحمه الله- في كتابه ("القوانين الفقهية" (ص:٤٦٠-٤٦١):

فأمَّا الصديق فشروطه سبعة:

الأول: أنْ يكون سُنِّيا في اعتقاده.

الثاني: أنْ يكون تقيًا في دينه، فإنَّه إنْ كان بدعيًا أو فاسقًا ربما جرَّ صاحبه إلى مذهبه، أو ظن الناس فيه ذلك، فإنَّ المرء على دين خليله.

الثالث: أنْ يكون عاقلاً، فصحبة الأحمق بلاء.

الرابع: أنْ يكون حسَن الخُلق، فإنْ كان سيء الخُلق لم تُؤمَن عداوته، وتَختبره بأنْ تُغضبه، فإنْ غضب فاترك صُحبته.

الخامس: أنْ يكون سليم الصدر في الحضور والغيبة، لا حقودًا، ولا حسودًا، ولا مُريدًا للشر، ولا ذا وجهين.

السادس: أنْ يكون ثابت العهد غير مَلول، ولا مُتلون.

السابع: أنْ يقوم بحقوقك كما تقوم بحقوقه، فلا خير في صُحبة مَن لا يَرى لك مِن الحق مثل الذي تَرى له.

.حسن الظن من حسن العبادة

1/ فعن أبي هريرة رضي الله عنه ، أنَّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال:

«إن حسن الظن بالله تعالى من حسن العبادة»

رواه أبو داود والترمذي.

2/ *.أن من أحسن ظنه بالله آتاه الله إياه*

ثبت عن أبي هريرة رضي الله عنه أنه قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم:

«يقول الله تعالى: أنا عند ظن عبدي بي»

متفق عليه.

وفي المسند عنه رضي الله عنه ، عن النبي صلى الله عليه وسلم:

«إن الله عز وجل قال: أنا عند ظن عبدي بي، إنْ ظن بي خيراً فله، وإن ظن شراً فله».

والمعنى:

والمعنى: *"أعاملُه على حسب ظنه بي، وأفعل به ما يتوقعه مني من خير أو شر"*

.([تحفة الأحوذي])

وقال عبد الله بن مسعود رضي الله عنه :

"والذي لا إله غيرُه ما أُعطي عبدٌ مؤمن شيئاً خيراً من حسن الظن بالله عز وجل، والذي لا إله غيره لا يحسن عبد بالله عز وجل الظن إلا أعطاه الله عز وجل ظنَّه؛ ذلك بأنَّ الخيرَ في يده»

رواه ابن أبي الدنيا في حسن الظن.

قال سهل القطعي رحمه الله: *رأيت مالك بن دينار رحمه الله في منامي، فقلت: يا أبا يحيى ليت شعري، ماذا قدمت به على الله عز وجل؟

قال: قدمت بذنوب كثيرة، فمحاها عني حسن الظن بالله*

رواه ابن أبي الدنيا في حسن الظن.

لمتابعة المقال

صدقة الصحيح الحريص

عن أبي هريرة رضي الله عنه قال :

قال رجل للنبي صلى الله عليه وسلم :

يا رسول الله، أي الصدقة أفضل ؟ قال :

" أن تصدق وأنت صحيح حريص، تأمل الغنى وتخشى الفقر، ولا تمهل، حتى إذا بلغت الحلقوم قلت : لفلان كذا، ولفلان كذا، وقد كان لفلان ".

رواه البخاري ومسلم

شرح الحديث:

كان النبيُّ صلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ يُرَبِّي أُمَّتَه على الفَضيلةِ والسَّخاءِ والتكافُلِ فيما بيْنَهم، والإسراعِ بالعَملِ الصالحِ مِن الصدَقاتِ والتطَوُّعِ قبْلَ أن يأتيَهم المَوتُ.

وفي هذا يَحكي يَروي أبو هُرَيرةَ رَضيَ اللهُ عنه أنَّ رجُلًا جاء إلى النبيِّ صلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ فسَأله: أيُّ الصَّدَقةِ أَعْظَمُ أجْرًا وأكثَرُ نفعًا لصاحِبِها؟ فأخبَرَه صلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ أنَّه ما يَتصَدَّقُ بها الإنسانُ وهو صحيحٌ ليس فيه مرَضٌ أو عِلَّةٌ تقْطَعُ أمَلَه في الحياةِ، وهو وقتٌ يُصادِفُ مَن يكونُ مِن شأنِه الشُّحُّ، وهو البُخلُ مع الحِرصِ، ويَخافُ مِن الوُقوعِ في الفَقرِ، ويَأْمُلُ الغِنَى ويَرجوه ويَطمَعُ فيه لِنفْسِه، وهذا في فَترةِ الحياةِ كلِّها، وخاصَّةً وقْتَ الرَّغدِ والنَّعيمِ، فيَكونُ الإنسانُ

أكثَرَ حِرصًا، فإذا تصَدَّق مع كلِّ هذه المَوانعِ والمُغرياتِ الَّتي تَحُثُّه على حِفظِ المالِ فذلك أعظَمُ أجرًا، ثمَّ حذَّره النبيُّ صلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ مِن آفةٍ تُصيبُ كثيرًا مِن النَّاسِ، وذلك بأنَّ يَنتظِرَ ويَتمهَّلَ ويؤخِّرَ التصَدُّقَ، حتَّى إذَا بَلَغَت رُوحُه الحُلْقُومَ، وشعَرَ بقُربِ المَوتِ، وتأكَّدَ أنَّ المالَ لن يَنفَعَه، وأنَّه سيَترُكُه- أَوْصى لِفُلَانٍ بكذا، ولِفُلانٍ بكذا، وأخبَرَ أنَّه قدْ كان لِفُلانٍ مِن الدُّيونِ أو الحُقوقِ، وقد أصبَح المالُ مِلكًا للورَثةِ، فهذا أقَلُّ أجرًا.

فبيَّنَ لنا النبيُّ صلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ أنَّ أفضَلَ الصَّدقةِ أن تَتصدَّقَ حالَ حياتِك وصحَّتِك، مع احتياجِك إلى المالِ واختصاصِك به، لا في حالِ سقَمِك وسياقِ مَوتِك؛ لأنَّ المالَ حينَئذٍ خرَج عنك وتعلَّقَ بغيرِك.

وفي الحديثِ: فضلُ صدَقةِ الشَّحيحِ الصَّحيحِ.

وفيه: التَّحذيرُ مِن التَّسويفِ بالإنفاقِ استِبعادًا لحُلولِ الأجَلِ، واشتِغالًا بطولِ الأمَلِ.

وفيه: أنَّ المرضَ يَقصُرُ يدَ المالكِ عن بعضِ مِلكِه، وأنَّ سَخاوتَه بالمالِ في مرَضِه لا تمحو عنه سِمَةَ البُخلِ.

وفيه: أنَّ أعمالَ البِرِّ كلَّها إذا صَعُبَتْ كان أجرُها أعظَمَ.

وفيه: أنَّ الصَّدقةَ في وقتِ صِحَّةِ الإنسانِ وسلامتِه أفضلُ مِن الوصيَّةِ.

مكتتة

إياك وأن تخاف شيئاً قبل حدوثه ، لا تتخيل
، اصرف فكرك وخوفك عن الغيبيات فهي علم الله
، وأعلم أن البلاء إذا نزل على العبد ينزل معه
اللطف ، فإذا تصورت البلاء قبل أن يقع فقد
. استقبلت البلاء بدون لطف وأهلكت روحك

اصول طلب الرزق

قال النبي صلى الله عليه وسلم : (أيُّها النَّاسُ اتَّقوا اللَّهَ وأجملوا في الطَّلبِ فإنَّ نفسًا لن تموتَ حتَّى تستوفيَ رزقَها وإن أبطأَ عنْها فاتَّقوا اللَّهَ وأجملوا في الطَّلبِ خذوا ما حلَّ ودعوا ما حَرُمَ)

الراوي: جابر بن عبدالله. المحدث: الألباني. المصدر: صحيح ابن ماجه. الصفحة أو الرقم: 1756. خلاصة حكم المحدث: صحيح

🍃: شرح_الحديث#

في هذا الحديثِ عنْ جابرِ بنِ عبدِ اللهِ، قال: قال رسولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ: "أيها النَّاسُ اتَّقُوا اللهَ" وهذا أمرٌ بتقوى اللهِ والخوفِ منه مع مراعاةِ أوامرِه ونواهيه "وأجْمِلُوا في الطَّلبِ"، أي: اعتَدِلوا واتَّئِدوا، فلا تُفرِّطوا في الطَّلبِ والسَّعيِ فيها "فإنَّ نفسًا لن تموتَ حتَّى تستوفيَ رزقَها وإنْ أبطأَ عنها"، أي: أنَّ الرزقَ مقدَّرٌ مِن اللهِ وسوفَ يصلُ لكلِّ واحدٍ منهم ما قُدِّر له مِنَ الرِّزقِ وإن تأخَّرَ فيما يراه العبدُ، ولكنَّ قَدْرَ الرِّزقِ وموعدَه مُقدَّرٌ عند اللهِ "فاتقوا اللهَ وأجملِوا في الطلبِ" أي: خُذُوا ما حلَّ ودعوا ما حرم" وهذه توجيهٌ للاكتفاءِ والقناعةِ بالحلالِ والبعدِ عنِ الحرامِ، وعدم التكالب على الدنيا، وقد وردَ عندَ ابنِ ماجَه أيضًا ما يزيدَ الأمْرَ تَوضِيحًا مِن روايةِ أبي حُمَيْدٍ السَّاعديِّ، أنَّ رَسولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ قالَ: "أجْمِلُوا في طلبِ الدُّنيا فإن كلًّا مُيسَّرٌ لِمَا خُلِقَ له"، أي: مُهيَّأٌ لِمَا خلَقَه اللهُ من أجْلِه؛ فقد بيَّنَ

اللهُ لهم طَريقَ الخيرِ وطريقَ الشَّرِّ، والَّذي سيكونُ من أهلِ الجنَّةِ سيعمَلُ بالأعمالِ الَّتي توصِلُه إلى الجنَّةِ، والَّذي يكونُ من أهلِ النَّارِ سيعمَلُ ويختارُ بمَشيئتِه وإرادتِه الأعمالَ الَّتي تُوصِلُه إلى النَّارِ.
وهذا لا يُنافي الأمْرَ بالعَملِ والسَّعيِ في الأرضِ لابتغاءِ الرِّزقِ، ولكنَّه تهذيبٌ للسَّعيِ، وإرشادٌ لعدمِ التَّكالُبِ على الدُّنيا وعدَمِ الحُزنِ على ما فات منها؛ فإنَّه تعالى قد قدَّرَ الرِّزقَ وكتَبَه، وقدَّرَ له سببًا هو الطَّلبُ بالإجمالِ.

وفي الحديثِ: الأمرُ بالرِّفقِ في طلَبِ الدُّنيا والاهتِمامِ بطاعةِ اللهِ؛ فإنَّ كلَّ شَيءٍ مُقدَّرٌ منه سُبحانَه.

—•✳-•-✳•—

ماالفرق بين (رأى) و (نظر) و (أبصر) ؟

رأى : - شئ لم يكن موجود أمام العين ثم بدا وظهر فرأته العين ٠

فلما تراءى الجمعان قال أصحاب موسى إنا - (لمدركون (الشعرآء ٦١

(فلما رأى القمر بازغًا قال هذا ربى (الأنعام ٧٧ -

ورأى المجرمون النار فظنوا أنهم مواقعوها (- (الكهف ٥٣

فلما رأته حسبته لجة وكشفت عن ساقيها (- (النمل ٤٤

نظر : - بعد ظهور الشئ للعين تبدأ العين فى أخذ صورة عامة عن هذا الشئ ٠

بعد ذلك تبدأ العين فى التنقل من جزئية إلى -
جزئية أخرى وهى لاتزال

منشغلة بهذا الشئ٠

(فنظر نظرة فى النجوم (الصافات ٨٨ -

فأنجيناكم وأغرقنا آل فرعون وأنتم تنظرون (-
(البقرة ٥٠

أبصر : - بعد مرحلتى الرؤية و النظر تأتى الآن
مرحلة الإبصار ٠

هذه المرحلة تتميز بالتركيز العالى جدًا لأن العين -
فى هذه المرحلة

تبحث عن شئ محدد ٠

فبصرت به عن جنب وهم لايشعرون (القصص -
(١١

لاحظ أن تركيز أخت موسى كله منصب على)
(التابوت وإلى أين سيصل

(فارجع البصر هل ترى من فطور (الملك ٣ -

لا حظ أن العين كل تركيزها منصب على البحث)
عن تشققات أو صدوع

فى السماء لذلك استخدم الله عز وجل كلمة البصر
)

(قل للمؤمنين يغضوا من أبصارهم (النور ٣٠ -

لاحظ أن العين غالبا ينصب تركيزها على جزء)
محدد من أجزاء الجسد

وهذا الجزء هو المتسبب فى إثارة الغريزة

منقول

الاستاذ/ سيد حسن بدران

امام اہل سنت مولانا سرفراز خان صفدر رح کے دلچسپ علمی لطائف

انتخاب... مدثر شاہ میانوالی

بعض دفعہ دلچسپ علمی لطائف بھی سناتے تھے۔ ’ولا الضالین‘ میں ضاد کے تلفظ پر یہ لطیفہ سناتے کہ گکھڑ میں ایک شخص میرے پاس آیا اور کہا کہ اس کا

صحیح تلفظ ’ولا الدالین‘ ہے۔ میں نے کہا کہ بھائی، یہ بتاؤ کہ آپ جب نماز کے لیے اپنے اعضا دھوتے ہیں تو کیا کہتے ہیں: میں نے ’’وضو‘‘ کیا یا میں نے ’’ودو‘‘ کیا؟ اس نے کہا کہ ’’وضو‘‘ کہتے ہیں۔ میں نے کہا کہ خدانخواستہ آپ کی اہلیہ کو کوئی خطرناک بیماری لگ جائے تو آپ کیا کہیں گے: میری بیوی کو ایک موذی مرض لگ

گیا ہے یا ایک موذی ''مرد'' لگ گیا ہے؟ جب باقی
ہر جگہ ضاد ہی بولتے ہو تو ولا الضالین میں بھی
یونہی پڑھو۔ اسی طرح بتاتے کہ ایک دفعہ سفر
کے دوران میں گاڑی میں کوئی شیعہ ان کے ساتھ
بیٹھ گیا اور سیدنا علی رضی الہ عنہ کی
فضیلت پر گفتگو شروع کر دی۔ دوران گفتگو
میں اس نے کہا کہ علی کی تو قرآن میں بڑی
فضیلت بیان ہوئی ہے۔ دلیل کے طور پر اس نے
'انہ لعلی حکیم' یا 'وہو العلی العظیم' جیسی
کچھ آیات سنائیں۔ ابا جی کہتے ہیں کہ میں نے
اس سے کہا: قرآن میں تو یزید کا بھی بڑا رتبہ
بیان ہوا ہے۔ اس نے کہا، وہ کہاں؟ میں نے کہا،
قرآن میں ہے: ویزیدہم من فضلہ۔ اس نے کہا کہ
یہ 'یزید' کے بعد 'ہم' ضمیر کا کیا مطلب ہے؟
میں نے کہا کہ اس سے مراد بنوامیہ ہیں، یعنی
بنو امیہ کا یزید اللہ کے فضل میں سے ہے۔ بتاتے
تھے کہ گورنمنٹ نارمل اسکول گکھڑ میں درس

قرآن کے دوران ایک صاحب نے کہا کہ مولانا! یہ ڈاڑھی تو ایک غیر فطری چیز ہے، اسے کیوں ضروری قرار دیا جاتا ہے؟ پوچھا گیا کہ یہ کیسے غیر فطری ہے تو انھوں نے کہا کہ جب انسان پیدا ہوتا ہے تو اس کی ڈاڑھی نہیں ہوتی۔ ابا جی کہتے ہیں کہ میں نے ان سے کہا کہ جب آپ پیدا ہوئے تھے تو آپ کا ایک بھی دانت نہیں تھا، اس لیے آپ اپنے سارے دانت نکلوا دیں۔ پھر پیدایش کے وقت آپ بالکل ننگے تھے، اس لیے اگر فطری یا غیر فطری کا معیار یہی ہے تو اب بھی آپ اپنے کپڑے اتار دیجیے۔

بحوالہ الشریعہ|

ہماری فوجی ایک پیغام

ایک دوسرے کے گھروں میں آتے جاتے رہیں۔
ایسانہ ہوکہ آپکے یا انکے جانے کا وقت آجائے

:-لیجنڈ "اشفاق احمد" کہتے ہیں

ایک فوتگی کے موقع پر میں نیم غنودگی میں
کچھ سویا ہوا تھا اور کچھ جاگا ہوا نیم دراز سا
پڑا تھا۔ وہاں بچے بھی تھے جو آپس میں باتیں
کر رہے تھے۔ ان میں سے ایک بچے کی بات نے
مجھے چونکا دیا وہ کہہ رہا تھا

کہ"کوئی فوت ہوجائے تو بڑا مزہ آتا ہے۔ ہم سب
اکٹھے ہوجاتے ہیں اور سارے رشتہ دار ملتے ہیں
"

پھر ایک بچے نے کہا کہ

'اب پتہ نہیں کون فوت ہوگا"

نانا ناصرالدین بوڑھے ہوچکے ہیں' ان کی سفید داڑھی ہے شاید اب وہ فوت ہونگے۔ اس پر جھگڑا کھڑا ہوگیا اور وہ آپس میں بحث کرنے لگے۔ کچھ بچوں کا موقف تھا کہ پھوپھی زہرا کافی بوڑھی ہوگئی ہیں وہ جب فوت ہونگی تو ہم ان شاءاللہ فیصل آباد جائنگے اور وہاں ملینگے اور خوب کھیلیں گے"

!خواتین حضرات

میں آپ کو ایک خوشخبری دوں کہ اس بحث میں میرا نام بھی آیا۔

میری بھانجی کی چھوٹی بیٹی جو بہت چھوٹی ہے اس نے کہا کہ"نانا اشفاق بھی بہت بوڑھے ہوچکے ہیں "

خواتین و حضرات! شاید میں چونکا بھی اس کی بات سن کر تھا۔ جو میرے حمایتی بچے تھے وہ کہہ رہے تھے کہ جب نانا اشفاق فوت ہونگے تو بہت رونق لگے گی کیونکہ یہ بڑے مشہور ہیں۔

جب بچوں کا جھگڑا کچھ بڑھ گیا اور ان میں تلخی بڑھنے لگی تو ایک بچے نے کہا کہ"جب نانا اشفاق فوت ہونگے تو گورنر آئیں گے۔

اس پر ایک بچے نے کہا کہ نہیں گورنر نہیں آئیں گے بلکہ وہ پھولوں کی ایک چادر بھیجیں گے کیونکہ گورنر بہت مصروف ہوتا ہے۔ تمہارے دادا یا نانا ابو اتنے بھی بڑے آدمی نہیں کہ ان کے فوت ہوجانے پر گورنر آئیں گے"

وہ بچے بڑے تلخ، سنجیدہ اور گہری سوچ بچار کے ساتھ آئندہ ملنے کا پروگرام بنارہے تھے۔ ظاہر ہے بچوں کو تو اپنے دوستوں سے ملنے کی بڑی آرزو ہوتی ہے نا!

ہم بڑوں نے ایسا ماحول بنادیا ہے کہ ہم رشتے بھول کر کچھ زیادہ ہی کاروباری ہوگئے ہیں۔

چیزوں کے پیچھے بھاگتے رہتے ہیں حالانکہ چیزیں ساتھ نہیں دیتیں۔ ہم جانتے ہیں کہ رشتے طاقتور ہوتے ہیں اور ہم رشتوں کے حوالے سے ہی پہچانے جاتے ہیں۔

خدا کے لئے کوشش کریں کہ ہم اپنے رشتوں کو جوڑسکیں ایسی خلیج حائل نہ ہونے دیں کہ ملاقاتیں صرف کسی کے فوت ہوجانے کی مرہون منت ہی رہ جائیں کیا ہم ان بچوں کی طرح اس بات کا انتظار کرینگے کہ کوئی مرے پھر ہم

مجبوری کے ساتھ لاٹھی ٹیکتے ہوئے یا چھڑی پکڑے وہاں جائیں۔

جب ہم کہیں جائیں تو یہ فخر دل میں ہونا چاہیئے کہ میں ایک شخص سے ملنے جارہا ہوں مجھے اس سے کوئی دنیاوی غرض نہیں ہے۔ اس کے پاس اس لیے جارہا ہوں کہ وہ مجھے بہت پیارا ہے۔ چاہے ہم اس کام کے لیئے کم وقت دیں لیکن دیں ضرور۔

(اشفاق احمد)

النصح للكاتبين

اكتب بكفك شيئا يسرك

وما من كاتب الاويفنى

ويبقى الدهر ما كتبته يداه

فلاتكتب بكفك غير شيء

يسرك فى القيامة ان تراه

بلوچستان کوبون

٢١/٢/٢٠٢٢

ا

"مناسب لفظوں کا اِنتِخاب

”کھالو“ کی جگہ ”کھالیجئے“، ”میرا فیصلہ یہ ہے“ کی جگہ ”میری رائے یہ ہے“، ”میں یہ کہہ رہا تھا“ کی جگہ ”میں یہ عرض کررہا تھا“، ”مجھے تم سے کام ہے“ کی جگہ ”مجھے آپ سے کچھ کام ہے“ یا” آپ کو تھوڑی زَحْمت دینی ہے“، ”اندھے“ کی جگہ” نابینا“، ”بوڑھے“ کی جگہ ”بُزُرگ“ ، ”فلاں مرگیا“ کی جگہ ”فلاں کا اِنتِقال ہوگیا“، ”کیوں آئے ہو؟“ کی جگہ” کیسے تشریف لائے؟“ ، ”مصیبت میں پڑگیا“ کی جگہ ”آزمائش میں آگیا“، ”آپ غلط کہہ رہے ہیں “ کی جگہ ”میری ناقص رائے یہ ہے کہ یہ بات اس طرح ہے “، ”آپ میری بات نہیں سمجھے “ کی جگہ ”شاید میں اپنی بات سمجھا نہیں پایا“ وغیرہ

استعمال کیجئے اور اس کے فوائد اپنی آنکھوں سے دیکھئے.

پیناڈول اور پیناڈول ایکسٹرا میں کیا فرق ہے اور دونوں میں سے کون سی لینی چاہئے ؟

۔ پیناڈول میں پیراسیٹامول ہوتی ہے اور پیناڈول صرف برینڈ کا نام ہے ؛ پیراسیٹامول کسی بھی برینڈ میں لے سکتے ہیں ۔ یہ درد اور بخار میں لی جاتی ہے۔

پیناڈول ایکسٹرا میں بھی پیراسیٹامول ہوتی ہے لیکن اس کے ساتھ کیفین بھی شامل ہوتی ہے ۔ کیفین وہی کیمیکل ہے جو چائے اور کافی میں موجود ہوتا ہے اور ہمیں الرٹ رکھتا ہے۔

پیراسیٹامول کے ساتھ مل کر یہ وہی کام کرتا ہے جو اس کا ہے ... الرٹ رکھنا

اگر آپ کا مقصد درد اور بخار کو کم کر کے جاگنا اور فریش رہنا ہے تو پیناڈول ایکسڑا لی جا سکتی ہے ، لیکن اگر درد اور بخار اترنے کے بعد سونا یا آرام کرنا چاہتے ہیں تو پیناڈول لینی چاہئے ، پیناڈول ایکسٹرا نہیں ۔

رات کو سونے سے پہلے پیناڈول ایکسٹرا لینے سے نیند کا آنا مشکل ہو سکتا ہے۔

!دیوبندیت میں تطہیر کی ضرورت

ابوحنظلہ عبدالاحد قاسمی

حضرت الاستاذ مفتی سعید احمد پالنپوری رحمہ اللہ مسلک دیوبند کی کسوٹی تھے، آپ بارہا فرمایا کرتے تھے کہ دیوبندیت میں تطہیر کی ضرورت ہے، دھیرے دھیرے بہت ساری بدعات و رسومات ہمارے یہاں بھی در آئی ہیں، آپ رحمہ اللہ بڑی شدت کے ساتھ دیوبندی حلقوں میں پائی جانے والی بدعات کا رد فرمایا کرتے تھے اور اس سلسلے میں کسی سے مرعوب ہونا یا کسی کی ملامت کی پرواہ کرنا آپ کے یہاں ناجائز تھا، یہی وجہ ہے کہ دارالعلوم دیوبند سے وابستہ بڑی

بڑی شخصیات کے یہاں بھی جب کوئی نامناسب بات نظر آئی تو آپ نے نکیر کرنے میں ذرہ برابر بھی توقف نہیں فرمایا۔ چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں۔

شیخ الاسلام حضرت مدنی رحمہ اللہ کے ایک تفرد کی وجہ سے آپ کی اولاد کے یہاں آج تک رمضان المبارک میں باجماعت تہجد کا رواج ہے، بڑے بڑے حضرات مدنی خاندان کی رعایت میں خاموش تھے لیکن حضرت پالنپوری رحمہ اللہ نے بارہا برسر عام سخت نکیر فرمائی اور اسے بدعت قرار دیا۔

دیوبندی حلقوں میں کسی بزرگ کے انتقال کے بعد تعزیتی جلسوں کے عنوان سے پروگراموں کا

ایک ایسا سلسلہ شروع ہوگیا ہے جس کے تکلفات دیکھ کر اس کے بدعت ہونے میں شبہ نہیں رہ جاتا، چونکہ بڑے بڑے حضرات ان تعزیتی نشستوں میں رونق افروز ہوتے ہیں اس لیے بہت سے مفتیوں کے لیے چاہتے ہوئے بھی ان پر نکیر کرنا آسان نہیں تھا، حضرت الاستاذ رحمہ اللہ نے اس رسم پر کھل کر تنقید کی اور صرف تنقید ہی نہیں مستقل رسالہ تصنیف فرماکر ان پروگراموں کی خرابیوں کو خوب واضح کردیا، جس وقت حضرت نے تعزیتی جلسوں کے خلاف فتویٰ دیا اس وقت دارالعلوم دیوبند کی بڑی بڑی شخصیات ایک دوسری بہت بڑی شخصیت کے تعزیتی اجلاس میں شریک تھیں۔ اس فتوے کی وجہ سے بعض چھوٹوں کی جانب سے آپ کے خلاف طوفان بدتمیزی بھی برپا کیا گیا لیکن آپ پوری جراءت و استقامت کے ساتھ اپنے موقف پر ڈٹے رہے۔

ختم بخاری کے وقت دیوبندی مدارس میں پورے اہتمام و تداعی کے ساتھ جلسوں کا سلسلہ چلتا ہے اور ہرسال یہ جلسے نئے نئے تکلفات کے ساتھ بڑھتے چلے جارہے ہیں؛ کچھ حد تک یہی سلسلہ دارالعلوم دیوبند میں بھی شروع ہوگیا تھا لیکن حضرت الاستاذ رحمہ اللہ نے شیخ الحدیث بنتے ہی اس سلسلے کو بالکلیہ موقوف فرمادیا اور اسے بند کرنے کے لیے حضرت نے اتنی شدت فرمائی کہ جس سال آپ شیخ الحدیث بنے(وہ ہمارا بھی دورے کا سال تھا) کسی بھی طالب علم کو آخری دن تک پتہ نہیں لگنے دیا کہ بخاری کب مکمل ہوگی اور اسی حالت میں ایک روز اچانک ختم فرماکر دعا کرواکر چلے گئے۔

چھتہ مسجد میں واقع جس انار کے درخت کے نیچے دارالعلوم دیوبند کی شروعات ہوئی وہ

درخت کافی عرصے تک رہا، دارالعلوم کے اساتذہ و طلباء اس درخت کا بیحد احترام کرتے تھے اور پھر عوام بھی اس کی زیارت کے لئے آنے لگے، قریب تھا کہ اس درخت کے تعلق سے عوام وخواص میں بہت سے توہمات جنم لے لیں؛ حضرت الاستاذ رحمہ اللہ نے اس خطرے کو بروقت بھانپ لیا اور ذمہ داران دارالعلوم کے سامنے بیعت رضوان والے درخت کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ذریعے کاٹے جانے کی نظیر پیش فرماکر اس درخت کو بھی کٹوادیا۔

کسی بزرگ کے خواب کی بنیاد پر دارالعلوم کے احاطہ مولسری میں واقع کنویں کے پانی کو بڑی اہمیت دی جانے لگی تھی، طلبہ کے ساتھ بہت سے اساتذہ بھی اس پانی کو بڑے اہتمام کے ساتھ نوش فرمایا کرتے تھے اور پھر دھیرے دھیرے یہ بات عوام تک بھی پہنچ گئی نتیجہ یہ

ہوا کہ دارالعلوم کی زیارت کے لئے آنے والے تمام مہمان اس کنویں کا پانی ضرور نوش کرتے، بعض لوگوں نے اسے زمزم کا نام دینا بھی شروع کردیا تھا، یہ حالت دیکھ کر حضرت الاستاذ رحمہ اللہ نے اس مسئلے پر اتنا جارحانہ رخ اختیار فرمایا کہ پھر یہ کنواں اور اس کا پانی مذاق بن کر رہ گیا۔

قبرستان میں بزرگوں کی قبروں پر کتبے لگانے کے آپ سخت خلاف تھے اور مزار قاسمی میں لگائے ہوئے کتبوں پر سخت نکیر فرمایا کرتے تھے؛ یہی وجہ ہے آپ کی رحمہ اللہ کی قبر مبارک باوجودیکہ ایک عوامی قبرستان میں ہے لیکن آپ کے سخت موقف کی وجہ سے کوئی کتبہ نہیں لگایا گیا۔

کسی دور دراز جگہ انتقال کے بعد بزرگوں کی نعش کو پورے اہتمام کے ساتھ وطن اصلی کی جانب منتقلی کے بھی آپ سخت خلاف تھے اور اسے میت کی بے حرمتی سے تعبیر فرمایا کرتے تھے؛ اپنے بارے میں بھی حضرت نے یہی وصیت فرما رکھی تھی کہ مرنے کے بعد میری بے حرمتی مت کرنا اور جہاں انتقال ہو وہیں دفن کردینا؛ چنانچہ آپ کی وصیت کے مطابق ہی آپ کو بمبئی میں دفنایا گیا۔

بزرگوں کو عوامی قبرستان میں دفن کرنے کے بجائے کسی خاص جگہ ان کے مدرسے یا خانقاہ وغیرہ میں تدفین کے بھی آپ سخت خلاف تھے؛ چنانچہ آپ کے مزاج و خواہش کے مطابق آپ

رحمہ اللہ کو بمبئی کے ایک عام قبرستان میں
دفنایا گیا۔

رائپور اور جھنجھانہ وغیرہ میں بزرگوں کی
قبروں کے پاس دریاں بچھائی جاتی ہیں اور ہر
کس و ناکس مراقبے کے عنوان سے وہاں آنکھیں
بند کرکے بیٹھا رہتا ہے، اس طرح کی مراقبے بازی
پر آپ سخت نکیر فرمایا کرتے تھے اور اسے
بریلویت کی جہالت اور قبر پرستی تک لیجانے
والی رسم بد فرمایا کرتے تھے۔

خلاصہ یہ کہ آپ رحمہ اللہ مسلک دیوبند میں
تطہیر کے لیے حساس و بیچین تھے، آپ کی
زبانی بارہا سنا کہ "اب دیوبندیت اور بریلویت
میں بالشت بھر کا فاصلہ بچا ہے" آخر میں آپ"
دیوبندیت کیا ہے؟" کے عنوان پر ایک مفصل
تصنیف بھی رقم فرمانے والے تھے لیکن زندگی نے
وفا نہ کی۔ کاش حضرت کی یہ تصنیف منظر

عام پر آجاتی تو بہت سے دیوبندیت کے دعویداروں کو حقیقی دیوبندیت کا مفہوم سمجھ میں آجاتا۔

فرحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ

٣٥ نصيحة تعيش بها
سعيداً مرتاح البال
للقاضي محمدبن اسماعيل العمراني
(بتصرف)

|

ابدأ يومك بصلاة الفجر • ✌️

وأذكار الصباح وتوكل

ليحصل لك الانشراح

.. واليسر والفلاح

واصل الاستغفار فإنه • ✌️ 1

يمحو الذنوب ويجلب الرزق

لا تقطع الدعاء فإنه حبل • ✌️ 2

النجاة..

تذكر أن كلماتك تكتبها • ✌️3

الملائكة..

تفاءل ولو كنت في عين • ✌️4

العاصفة..

جمال الأصابع في عقدها • ✌️5

بالتسبيح ..

إذا أقبلت الهموم وتكاثرت • ✌️6

الغموم فقل: "لا إله إلا الله"..

اشتر بالدراهم دعاء الفقراء • ✌️7

وحب المساكين ..

سجدة مطمئنة خاشعة • ✌️8

أفضل من ذهب الأرض ..

فكر قبل إخراج الكلمة ؛ • ✌️9

فرُبَّ كلمة قاتلة..

10✌️ • احذر دعوة المظلوم

.. ودمعة المحروم

11✌️ • قبل قراءة الكتب

والجرائد والمجلات ، اقرأ

القرآن..

12✌️ • كن سبباً لاستقامة أهلك..

13✌️ • جاهد نفسك على

الطاعة ، فإن النفس

.. أمارة بالسوء

14✌️ • قبِّلْ كفوف والديك ، تنل

.. الرضوان

15✌️ • ملابسك القديمة، جديدة

.. عند الفقراء

16✌️• لا تغضب ، ولا تُباغِض ،

ولا تقطع ما أمر الله به أن

يوصل؛ فالحياة أقصر مما

تتصور ..

17✌️• معك أقوى الأقوياء

(وأغنى الأغنياء، إنه (الله

جل جلاله ؛ فثق وأبشر

18✌️• لا تغلق باب الإجابة

بالمعصية ..

19✌️• الصبر والصلاة خير ما

يعينك على المصائب

والمتاعب والواجبات ..

20✌️• تجنب الظنون السيئة،

تُريح وتستريح ..

21✌️• سبب كل هم، الإعراض

.. عن الله، فأقبل عليه

22✌️• صَلِّ صلاةً تدخل معك

قبرك..

23✌️• إذا سمعت من يغتاب

فقل له: اتق الله..

24✌️• داوم على تلاوة سورة

تبارك فهي منجية..

25✌️• المحروم، من حرم صلاة

خاشعة وعينا دامعة..

26✌️• لا تلاحق المؤمنين

.. الغافلين بالأذى

27✌️• اجعل الحب كله لله

ولرسوله وخالق الناس

بخلق حسن ..

سامح من اغتابك، فإنه • ✌️28

أهدى إليك حسناته..

الصلاة والتلاوة والذكر • ✌️29

نور في وجهك وانشراح

في صدرك وتوفيق في

عملك .

من تذكر حر النار صبر • ✌️30

عن دواعي المعصية..

مادام الليل ينجلي، فإن • ✌️31

الهم سيزول، ويُبدل

الضيق فرجا والعسر يسرا..

اهجر "قيل وقال" فعندك • ✌️32

من الأعمال كالجبال ..

33✌️• صل بخشوع فكل ما

ينتظرك أقل شأنا من

الصلاة..

34✌️• اجعل المصحف عند

رأسك، فقراءة آية خير من

الدنيا وما فيها..

35✌️• الحياة جميلة وأجمل

منها أنت بإيمانك...

لماذا يختار الميت "الصدقة" لو رُجع للدنيا كما

قال تعالى :

رب لولا أخرتني إلى أجل قريب فأصدق).. ولم)

.. يقل: فأعتمر.. أو فأصلي .. أو فأصوم

قال أهل العلم : ما ذكر الميت الصدقة إلا لعظيم

ما رأى من أثرها بعد موته .. فأكثروا من الصدقة

فإن المؤمن يوم القيامة في ظل صدقته..

من قوانين محكمة يوم القيامة

تعرَّف على محكمة الآخرة قبل أن تقف فيها :

1- الملفات غير سرية

ونُخرِجُ لَهُ يَوْمَ القِيامَةِ كِتابا يَلقاهُ ﴿ مَنْشُورًا﴾...

2- الحضور تحت حراسه مشدده

﴿ وَجَاءتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ وَشَهِيدٌ ﴾...

3-الظلم مستحيل

﴿وَمَا أَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ﴾.. ...

4- ليس هناك محامٍ يدافع عنك

﷽ ﴿اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ
حَسِيبًا﴾..

5- الرشوة والواسطة مستحيلة

﷽ ﴿يَوْمَ لا يَنفَعُ مَالٌ وَلا بَنُونَ﴾...

6- لا يوجد تشابه أسماء

﷽ ﴿وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا﴾...

7- استلام النطق بالحكم باليد

﷽ ﴿فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ
فَيَقُولُ هَاؤُمُ اقْرَؤُوا كِتَابِيهْ﴾...

8- لا يوجد حكم غيابي

...}وَإِنْ كُلٌّ لَمَّا جَمِيعٌ لَدَيْنَا مُحْضَرُونَ{ ﷽

لا يوجد نقضٌ أو استئناف -9

...}مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ{ ﷽

لا يوجد شهود زور-10

يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ { ﷽

...{ وَأَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ

لا توجد ملفات منسيه-11

{ أحْصَاهُ اللَّهُ وَنَسُوهُ } ﷽

ميزان دقيق للأعمال -12

وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ} ﷽

فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَإِن كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ

{ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا وَكَفَىٰ بِنَا حَاسبين

ولاحول ولاقوة الابالله العلى العظيم

إعملوا لوقفه بين يدى الله فى يوم عظيم

" (معنى (كهيعص "

:عن مالك بن دينار رضي الله عنه أنه قال

خرجت حاجاً الى بيت الله الحرام في عام من "الأعوام

فبينما أنا في الطريق وإذا برجل يمشي بلا زاد ولا :راحلة فسلمت عليه" فرد علي السلام . فقلت له

: من أين أنت ؟! قال: من عنده" . فقلت له

: والى أين تريد ؟! قال: إلى بيته" . قلت له

وأين الزاد" ؟ قال : عليه . فقلت له : إن الطريق لا تنقطع إلا بالمأكل والمشرب" فهل معك شيء ؟

قال : نعم تزودت عند خروجي من بلدي بخمسة : أحرف فقلت

وما هي" قال قوله تعالى : ((كهيعص)) قلت : وما معنى "كهيعص" قال : أما قوله(كاف) فهو الكافي" وأما (الهاء)فهو الهادي" وأما (الياء)فهو المؤوي" وأما (العين) فهو العالم" وأما (الصاد) فهو الصادق" ومن صحب : كافياً وهادياً ومؤوياً وعالماً وصادقاً فلا يضيع ولا يخشى ولا يحتاج الى الزاد والراحلة" قال مالك : لما سمعت منه هذا الكلام نزعت قميصي لألبسه له فأبى أن يلبسه وقال : يا شيخ . العري خير من قميصك. فالدنيا حلالها حساب وحرامها عقاب" وكان إذا جن الليل : يرفع رأسه نحو السماء: ويقول

يا من لا تنفعه الطاعات ولا تضره المعاصي هب "لي ما لا ينفعك واغفر لي ما لا يضرك

فلما أحرم الناس ولبوا قلت له : لم لا تلبي ؟
:قال

يا شيخ . أخاف أن أقول لبيك فيقول لي (لا لبيك ولا سعديك لن أسمع كلامك ولا أنظر إليك") ثم

مضى عني وغاب عن بصري فما رأيته إلا بمنى وهو يبكي ويقول شعراً:

إن الحبيب الذي يرضيه سفك دمي -- دمي حلال له في الحل والحرم""

والله لو علمت روحي بمن عشقت -- قامت على رأسها فضلا على القدم""

يا لائمي لا تلمني في هواه فلو -- عاينت منه الذي عاينت لم تلم""

يطوف بالبيت قوم بجارحة --ولو بالله طافوا لأغناهم عن الحرم""

للناس حج ولي حج إلى سكني -- تهدى الأضاحي وأهدي مهجتي ودمي""

ثم قال: اللهم إن الناس ذبحوا وتقربوا إليك بضحاياهم وهداياهم وأنا ليس لي سوى نفسي أتقرب بها إليك فتقبلها مني - ثم رفع بصره إلى

السماء وهو يبكي ثم شهق شهقة وخر ميتاً رحمه الله تعالى فجهزته وواريته التراب !؟

وبت تلك الليلة متفكراً في أمره فرأيته في المنام فقلت له : ما فعل الله بك ؟! قال : فعل بي كما فعل بشهداء بدر وزادني" قلت : لم زادك ؟! قال : لأنهم قتلوا بسيوف الكفار وأنا قتلت بمحبة الجبار ..!!!

(كتاب روض الرياحين)

للإمام االشافعي" |

کونڈوں_کی_حقیقت

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا یوم وفات اور کونڈوں کی رسم بد

فاتح عرب و عجم، شمشیر اسلام، رازدارد رسالت، کاتب وحی، خال المومنین، خلیفہ سادس امیر المومنین سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ 22 رجب المرجب 60 ہجری کو اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ 22 رجب یوم وفات ہے، نصف سے زائد دنیا پر خلافت اسلامی کا علم لہرانے والے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا۔

امیر المؤمنین سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ وہ عظیم شخصیت ہیں کہ جنہیں زبان رسالت سے ہادی و مہدی، راز دار رسالت اور حلیم جیسے القابات عطا کیے گئے۔

آپ وہ عظیم شخصیت ہیں جنہیں اللہ کی مقدس کتاب قرآن پاک کی کتابت کا شرف حاصل ہو ا۔

آج یہ عظیم شخصیت اتنی مظلوم ہو چکی ہے کہ اس عبقری شخصیت کے یوم وفات پر دشمنان اسلام خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔

اور اس دن ”کونڈوں“ کے نام سے شیرینی پکا کر تقسیم کی جاتی ہے۔ غیروں کی دیکھا دیکھی کچھ اپنے لا علم حضرات بھی اس مکروہ فعل کو رواج دینے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اور وہ بھی سادہ لوحی میں اس عظیم صحابی رسول کی

وفات پر خوشی کے اظہار کے نامعقول کام میں غیروں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں۔

کونڈوں کا پس منظر

یہ خلاف شرع اور مکروہ بدعت دراصل مخالفین اسلام اور معاندین صحابہ کرام کی ایجاد ہے۔ جو شمالی ہند کے علاقہ اودھ سے شروع ہوئی۔

پھر لکھنو اور رام پور کے نوابوں نے رفض کو پروانے چڑھانے کیلئے اس قسم کی بدعات کو عام کرنے میں حصہ لیا۔ یہ رسم 1906ء سے چلی اور لکھنو شہر آج بھی اس رسم کی وجہ سے مشہور ہے۔

1906ءکے قبل کہیں بھی یہ رسم منعقد نہیں ہوتی تھی۔ بلکہ لکھنو میں ابن سبا کی نسل سے یہ سلسلہ شروع ہوا اور شروع شروع میں چوری چھپے گھروں میں پوریاں بناتے اور لوگوں کو

بلوا کر وہیں کھلا دیتے اور ان کا منہ صاف کر کے
پھر باہر بھیج دیتے جب استفسار کیا گیا کہ یہ
کیا ہے تو انہوں نے یہ شوشہ چھوڑ ڈالا کہ یہ
حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ کے کونڈے ہیں ۔

حالانکہ یہ کونڈے حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ
کے ہوتے تو کم از کم یہ دیکھ لیا جاتا کہ 22
رجب المرجب حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ کا
یوم پیدائش ہے؟ یا 22 رجب کو حضرت جعفر
صادق رحمہ اللہ کی وفات ہوئی ہے؟

حقیقت یہ ہے کہ یہ دونوں چیزیں نہیں ہیں۔
بلکہ حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ کی پیدائش
ایک روایت کے مطابق ماہ ربیع الاول میں ہوئی ۔
اور دوسری روایت کے مطابق رمضان المبارک
میں ہوئی تو رجب سے ان کی پیدئش کا دور کا

بھی واسطہ نہیں اور ان کی وفات بغیر اختلاف کے ماہ شوال میں ہوئی۔

تو حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ کی طرف تین مہینے کسی نہ کسی طرح تو منسوب ہو سکتے ہیں رمضان، ربیع الاول اور شوال۔ مگر رجب کا مہینہ تو ان سے منسوب ہو ہی نہیں سکتا۔

مناظر اسلام امام اہل سنّت حضرت مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمہ اللہ نے اپنے رسالہ" النجم" کی اشاعت جمادی الاول 1348ھ میں لکھا تھا کہ ایک بدعت ابھی تھوڑے دنوں سے ہمارے اطراف میں شروع ہوئی ہے اور تین چار سال سے اس کا رواج بڑھتا جا رہا ہے یہ بدعت کونڈوں کے نام سے مشہور ہے۔

لفظ کونڈے کی تحقیق

کونڈا“ عربی زبان کا لفظ نہیں ہے۔ یہ ایک طے“
شدہ حقیقت ہے کیونکہ عربی میں ”ڈ“ کا
استعمال نہیں ہوتا۔ پس یہ ”کونڈا“ اردو یا
پنجابی زبان کا لفظ ہے۔ جیسا کہ معاشرے میں
عام طور پر مخالف کو کہا جاتا ہے”تیرا کونڈا ہو
جائے“۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ تیرا ستیاناس
ہو جائے۔

یعنی یہ کوئی اچھا لفظ نہیں ہے۔ اس لفظ کا
استعمال دوستی کے معنی میں نہیں بلکہ تعصب،
دشمنی اور دشنام طرازی کے معنی میں ہوتا ہے۔

اہل تشیع حضرت حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ
کی آڑ لے کر در حقیقت سیدنا امیر معاویہ رضی
اللہ عنہ کے وفات پر یہ رسم ادا کرتے ہیں، اور
اپنے حلقہ کے اندر برملا اس بات کا اظہار بھی
کرتے ہیں ۔

لیکن دوسروں کے سامنے حضرت جعفر صادق
رحمہ اللہ کا نام لیتے ہیں۔ پھر حقیقت سے

ناواقفیت کی بنا ءپر سادہ لوح مسلمان بھی اہل تشیع کی دیکھا دیکھی اس رسم میں حصہ لیتے ہیں۔

سو چنا چاہیے کہ آخر یہ رسم چوری چوری کیوں ہوتی ہے؟ اور رات کے آخری حصے میں کیوں ہوتی ہے؟ ظاہر ہے کہ اگر یہ کوئی اچھی چیز ہوتی تو سب کے سامنے بلا خوف و خطر اس کا اظہار کیا جاتا۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نبیﷺ کی مقدس جماعت ’صحابہ‘ کے ایک انتہائی جلیل القدر صحابیؓ ہیں اور نبیﷺ سے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا تعلق یہ تقاضہ کرتا ہے کہ اس طرح کی غیرشرعی اور خلاف اسلام رسومات سے اعراض کرنا چاہیے اور جہاں تک ہو سکے اس بدعت غلیظہ کی حقیقت کو عام مسلمانوں پر واضح کرتے ہوئے اپنے سمیت سب بھائیوں کو

اس سے بچانے کی کوئی نہ کوئی تدبیر ضرور کرنی چاہیے۔

امیر المومنین سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کا یوم وفات 22 رجب، کوہے۔ اس دن کی آمد سے پہلے ہی اپنے گرد و نواح کے مسلمانوں کو اس سے باخبر و ہوشیار کریں تاکہ وہ اس مکروہ عمل میں شامل ہو کر اللہ کی ناراضگی، قلب محمدﷺ کی تکلیف اور صحابہ کرام کی دشمنی کا ذریعہ نہ بنیں۔

بیوی ہو تو ایسی

دو ماہ سے کوئی میرے دروازے پر روزانہ کچرا پھینک کر چلا جاتا بڑی کوشش کے باوجود وہ پکڑ میں نہیں آیا

اہلیہ نے کہا کہ یقیناً یہ محلے کا کوئی ایسا

بندہ ہے جو فجر کی نماز باقاعدگی

سے پڑھتا ہوگا

اور مسجد جاتے ہوئے یہ کارنامہ سرانجام دیتا جاتا ہوگا

اب مسئلہ تھا میرا اپنا

میں پکا نہیں کچا مسلمان تھا

روزانہ دس بجے اٹھ کر

فجر قضا پڑھا کرتا تھا

بیس دن قبل میں نے اہلیہ سے

فجر میں اٹھانے کا کہا

تو اہلیہ حیران

کہ

یہ آج سورج مشرق کے بجائے مغرب سے

کیسے نکل رہا ہے

خیر انہوں نے مجھے اگلے روز فجر کے وقت اٹھادیا

میں نے اٹھتے ہی کھڑکی سے نیچے جھانک

کر دیکھا تو دروازے پر کچرا موجود نہیں تھا

فٹافٹ وضو کیا

کھڑکی کے پاس ہی مصلیٰ بچھایا

اور

دو رکعت سنت کھٹاکھٹ پڑھ کر

پھر سے جھانک کر دیکھا تو کچرا دروازے پر پڑا میرا منہ چڑارہا تھا

خیر پھر دو رکعت فرض

پڑھ کر دوبارہ سوگیا

اگلے دن سنت کے بجائے فرض پڑھتے کچرا پھینک دیا گیا

چار دن اِسی طرح گزرگئے

لیکن کچرا پھینکنے والے کو

پکڑ نہیں پایا

پانچویں دن اہلیہ کہنے لگیں

ما شاء اللّٰه آپ اب فجر کی نماز پڑھنے لگے ہیں
تو مسجد میں

باجماعت نماز پڑھ لیا کیجیۓ

بات دل کو لگی

اور

پانچویں دن سنت گھر میں پڑھ کر

جماعت سے پندرہ منٹ پہلے

دروازے پر کرسی لگا کر

بیٹھ گیا اور محلے کے نمازی

حضرات کو آتے دیکھنے لگا

کہ

کس نمازی کے ہاتھ میں کچرے کا شاپر ہے

لیکن افسوس سارے خالی ہاتھ آتے دکھائی دیے

نماز پڑھ کر آیا تو دروازے پر کچرا موجود نہیں تھا

ایک ہفتے مسلسل پابندی سے باجماعت نماز پڑھنے کے بعد میں نے اہلیہ سے کہا

بیگم اب کچرا

پھینکنے والا شاید ڈر گیا ہے

جب ہی کچرا نہیں پھینک رہا

اب آپ مجھے فجر کے وقت نہیں اٹھانا

اہلیہ کچھ نہیں بولیں

اگلے دن اہلیہ نے تو مجھے نہیں اٹھایا

البتہ میری خود آنکھ کھل گئی

کھڑکی سے جھانک کر دیکھا تو کچرا دروازے پر موجود تھا

ٹائم دیکھا تو فجر کا وقت تو باقی تھا

لیکن

جماعت نکل چکی تھی

اب اگلے دن پھر وہی معمول تھا

دو ہفتے مسلسل فجر کی نماز باجماعت پڑھتا رہا
اور دروازہ صاف ستھرا ملتا رہا

دو ہفتے بعد اب میری جماعت سے فجر کی نماز
پڑھنے کی عادت ہوچکی تھی

اور الحمدللّٰہ میں

با جماعت فجر کی نماز پڑھنا شروع ہو گیا

پھر کچھ دن بعد

رات کے کھانے میں اُس کچرا پھینکنے

والے کا ذکر آگیا

میں اُسے برا بھلا کہنے لگا

بیٹا بولا

ابو آپ اُسے برا تو نا کہیں

بلکہ وہ تو آپ کا محسن ہے

جس کی وجہ سے آپ فجر کی نماز باجماعت پابندی سے پڑھنے لگے ہیں

بیٹے کی بات سن کر میرے دماغ کو

جھٹکا سا لگا

اور سب کو غور سے دیکھنے لگا

مجھے یوں اپنی طرف دیکھتے ہوئے

سارے ہنسنے لگے

بیٹا کہنے لگا

ابو آپ کی وہ محسن اور کوئی نہیں بلکہ امی ہیں

آپ امی کا شکریہ ادا کیجیے

میں نے اہلیہ کو دیکھا تو کہنے لگیں

جب گھی سیدھی انگلی سے نا نکلے
*تو ٹیڑھی انگلی سے نکالنا پڑتا ہے

یہ سبق ہے سب بیویوں کے لئیے
کہ وہ
چاہیں تو اپنی اولاد کے علاؤہ
اپنے خاوند کی بھی تربیت کر سکتی ہیں
ہاں اگر وہ خود تربیت یافتہ ہوں۔

ائمہ مساجد اور قوم کی غفلت

امام مسجد وہ مبارک اور دین سے وابستہ طبقہ ہے جن کی وجہ سے پنج وقتہ نمازیں باجماعت ادا ھوتی ہیں ۔

نماز ایمان کے بعد سب سے بڑا اور مہتم باالشان عمل ہے یہ عمل۔کما حقہ امام مسجد کی برکت سے روزانہ ادا ھوتا ہے ۔

امام مسجد کی اہمیت کا پتہ اس وقت لگتا ہے جب امام صاحب موجود نہ ھو اور جماعت کا وقت پورا ھوجائے اور جمات بھی جھری ھو ۔تو سب کے رنگ اڑ جاتے ہے کیونکہ ایک وقت کیلئے بھی اس فریضہ کے ادائیگی کی صلاحیت رکھنے والا پورے مقتدیوں میں موجود نہیں ھوتا

الا ماشاءاللہ ۔

اور اگر کوئی جراتمند امام کے مصلے پر خود یا زبردستی کھڑا کردیا جاتا ہے تو پشتو والے پشتو میں اردو والے اردو لہجہ میں الحمدللہ اور سورت پڑھتا ہے تو امام کی اہمیت اور بھی معلوم ہوجاتی ہے

مساجد کے متولیان بھی ہوتے ہیں کمیٹی بھی ہوتی ہے جس میں اکثریت مالداروں کی ہوتی ہے ۔وہ احکامات جاری کرنے میں امام کے بیان نماز نقل وحرکت پر انٹیلیجنس ادارے کی طرح نظر رکھتے ہے اور معمولی سی غلطی پر تنبیہ اور احتساب کمیشن قائم کرکے امام کو حاضر کرنے کے مجاز ہوتے ہیں ۔۔

ان میں اکثریت نوکر پیشہ یا جائیدادوں کے مالکان ھی ھوتے ہیں جن کی تنخواہوں اور پنشن میں سالانہ 10 % تک اضافہ یقینی ھوتا ھے ۔اور صاحب جائیداد حضرات سالانہ کرایہ

میں گھر کوارٹر ھو یا مارکیٹ دکانیں ھو تو اگریمنٹ کرتے وقت وہ بھی 10 % سالانہ کرایہ کے اضافے کا لکھتےہے اور باقاعدگی سے وصول بھی کرتے ہیں اس میں کسی قسم کی رعایت کی گنجائش نہیں رکھتے..

مگر ان حضرات کو کبھی اپنے اجلاس میں اس بات کی نہ توفیق ملتی ہے نہ سالھا سال گزرنے کے بعد احساس ہوتا ہے کہ امام مسجد کی تنخواہ میں بھی سالانہ اضافہ ھونا چاھئے..

اگر 8 یا 10 ھزار تنخواہ میں اضافے کا امام بیچارہ ڈر ڈر کر کہہ دے تو لالچی عیاش دنیا دار مولوی کی غیبت کا سلسلہ شروع ھوجاتا ہے..

ھم تو سال میں زکوٰۃ بھی دیتے ہیں فطرانہ بھی دیتے ہیں

تو ان کی زکوٰۃ اور دیگر صدقات واجبہ تو اس وجہ قبول ہی نہیں ھوتے کہ اجرت کی شکل میں

یا یاد کرنے کی نوبت آجائے۔

بہت عرصہ پہلے کی بات ہے

ایک دفعہ سیٹھ صاحب نے دوست احباب کے ناشتے کی دعوت کی تھی تو ناشتہ کرتے کرتے اپنی مسجد کے امام کا تذکرہ کیا کہ میں 1500 تنخواہ دیتا ھوں اب کہتا ہے کہ بڑھاؤ ۔

تو ایک شخص نے کہا اصل میں سیٹھ جی امام صاحب کو پتہ چل گیا ھوگا کہ سیٹھ صاحب کے گھر والوں کے ناشتے کا خرچہ 1500 یومیہ تک پہنچ چکا ہے اس لئے مطالبہ کررہے ہیں کہ میرے ماہانہ اخراجات تو سیٹھ صاحب کے صبح ناشتے کے برابر ہے اس سے بڑھ جانا چاہیے

سیٹھ صاحب کو تو سانپ سونگھ گیا۔

مگر قریبی دوست ہونے کی وجہ سے بات کو ھنسی مذاق میں ادھر ادھر غائب کردیا۔۔یہی حال ہے ھمارے معاشرے کے اھم ترین طبقے کا۔۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے جب 2001 میں 3000 ماہانہ وظیفہ بمع ناظرہ قرآن کے میرا تعین ھوا .. اور کچھ حالات کی وجہ سے ساڑھے پانچ سال بعد امامت سے استعفیٰ دے دیا تو میری تنخواہ میں اضافے کا احساس ساڑھے پانچ سال میں کسی کو بھی نہیں ھوا تھا۔

حالانکہ اس دوران میری شادی بھی ھوئی تھی اور بچے بھی ..

پھر ایک سال تک فارغ رہا پھر دوسری مسجد میں امامت ملی ۔اللہ گواہ ہے نہ کوئی اگریمنٹ کی نہ تنخواہ کا کہا کہ کتنا دو گے کتنا بڑھاؤ گے دو ھزار روپے ماہانہ وظیفہ جاری ھوا ۔خدمت شروع کردی تنخواہیں اوپر جاتی میری چھ
 ساڑھے چھ سال بعد نیچھے آگئ

اس دوران مسجد کے متولی اور میں ایک دعوت میں شریک تھے تو مسجد کے متولی سے کسی نے ایک چھوٹے کواٹر کے متعلق پوچھا کہ اس کا

کرایہ کتنا ہے تو کہا کہ 2500 ہے مگر میرا چھوٹا بیٹا ہے جو اس وقت سکول میں پڑھ رہا ہے کرایہ وہ لیتا ہے کہ بس یہ میرے سکول کے اخراجات ہے تو بڑے فخریہ انداز میں مسکرا کر بولا کہ بس اس سے بیچارے کی سکول آنے جانے کھانے پینے کا خرچہ پورا ھوتا ہے ۔

تو امام مسجد جو کہ بال بچوں والا تھا اس کی تنخواہ سے اس کے چھوٹے بیٹے کی جیب خرچ زیادہ تھی ..

لا یسئلون الناس الحافا ۔

کے مصداق اجکل کے امام مسجد ہے۔

والذین فی اموالھم حق معلوم للسائل والمحروم ۔

محروم طبقہ یہ فی زماننا امام مسجد ہے ..

اللہ اس قوم کو شعور واحساس دے

کیا اس بدترین اور کمر توڑ مہنگائی میں کسی امام مسجد کی تنخواہ کے بڑھانے پر غور ہوا ہے میری مسجد میں تو نہیں ہوا اگر آپ کی مسجد میں ہوا ہے تو اللہ کا شکر ادا کرے

اور مجھے بھی دعا کرے کہ اللہ صبر کی توفیق عطاء فرمائے۔

قابل مطالعہ تحریر

ایک بازار سے ایک مغرور بندہ گذر رہا تھا کہ اس کی نظر سر پر ایک ڈول اٹھائے عورت پر پڑی، اس نے اسے آواز دیکر روکا اور نخوت سے پوچھا: اے مائی، کیا بیچ رہی ہو؟

عورت نے کہا: جی میں گھی بیچ رہی ہوں۔
اس شخص نے کہا: اچھا دکھاؤ تو، کیسا ہے؟

گھی کا وزنی ڈول سر سے اتارتے ہوئے کچھ گھی اس آدمی کی قمیض پر گرا تو یہ بہت بگڑ گیا اور دھاڑتے ہوئے بولا: نظر نہیں آتا کیا، میری قیمتی قمیض خراب کر دی ہے تو نے؟ میں جب

تک تجھ سے اس قمیض کے پیسے نا لے لوں، تجھے تو یہاں سے ہلنے بھی نہیں دونگا۔

عورت نے بیچارگی سے کہا؛ میں مسکین عورت ہوں، اور میں نے آپ کی قمیض پر گھی جان بوجھ کر نہیں گرایا، مجھ پر رحم کرو اور مجھے جانے دو۔

اس آدمی نے کہا؛ جب تک تجھ سے دام نا لے لوں میں تو تجھے یہاں سے ہلنے بھی نہیں دونگا۔

عورت نے پوچھا: کتنی قیمت ہے آپ کی قمیض کی؟

اس شخص نے کہا: ایک ہزار درہم۔

عورت نے روہانسا ہوتے ہوئے کہا: میں فقیر عورت ہوں، میرے پاس سے ایک ہزار درہم کہاں سے

آئیں گے؟

اس شخص نے کہا: مجھے اس سے کوئی غرض نہیں۔

عورت نے کہا: مجھ پر رحم کرو اور مجھے یوں رسوا نا کرو۔

ابھی یہ آدمی عورت پر اپنی دھونس اور دھمکیاں چلا ہی رہا تھا کہ وہاں سے کہ ایک نوجوان کا گزر ہوا۔ نوجوان نے اس سہمی ہوئی عورت سے ماجرا پوچھا تو عورت نے سارا معاملہ کہہ سنایا۔

نوجوان نے اس آدمی سے کہا؛ جناب، میں دیتا ہوں آپ کو آپ کی قمیض کی قیمت۔ اور جیب

سے ایک ہزار درہم نکال کر اس مغرور انسان کو دیدیئے۔

یہ آدمی ہزار درہم جیب میں ڈال کر چلنے لگا تو نوجوان نے کہا: جاتا کدھر ہے؟

آدمی نے پوچھا: تو تجھے کیا چاہیئے مجھ سے؟

نوجوان نے کہا: تو نے اپنی قمیض کے پیسے لے لیئے ہیں ناں؟

آدمی نے کہا: بالکل، میں نے ایک ہزار درہم لے لیئے ہیں۔

نوجون نے کہا: تو پھر قمیض کدھر ہے؟

آدمی نے کہا: وہ کس لیئے؟

نوجوان نے کہا: ہم نے تجھے تیری قمیض کے پیسے دیدیئے ہیں، اب اپنی قمیض ہمیں دے اور جا۔

آدمی نے گربڑاتے ہوئے کہا: تو کیا میں ننگا جاؤں؟

نوجوان نے کہا: ہمیں اس سے کوئی غرض نہیں۔

آدمی نے کہا: اور اگر میں یہ قمیض نا دوں تو؟

نوجوان نے کہا: تو پھر ہمیں اس کی قیمت دیدے۔

اس آدمی نے پوچھا: ایک ہزار درہم؟

نوجوان نے کہا: نہیں، قیمت وہ جو ہم مانگیں گے۔

اس آدمی نے پوچھا: تو کیا قیمت مانگتے ہو؟

نوجوان نے کہا: دو ہزار درہم۔

آدمی نے کہا؛ تو نے تو مجھے ایک ہزار درہم دیئے تھے۔

نوجوان نے کہا: تیرا اس سے کوئی مطلب نہیں۔

آدمی نے کہا: یہ بہت زیادہ قیمت ہے۔

نوجوان نے کہا؛ پھر ٹھیک ہے، ہماری قمیض اتار دے۔

اس آدمی نے کچھ روہانسا ہوتے ہوئے کہا: تو مجھے رسوا کرنا چاہتا ہے؟

نوجوان نے کہا: اور جب تو اس مسکین عورت کو رسوا کر رہا تھا تو!!

آدمی نے کہا: یہ ظلم اور زیادتی ہے۔

نوجوان نے حیرت سے کہا: کمال ہے کہ یہ تجھے ظلم لگ رہا ہے۔

اس آدمی نے مزید شرمندگی سے بچنے کیلئے، جیب سے دو ہزار نکال کر نوجوان کو دیدیئے۔

اور نوجوان نے مجمعے میں اعلان کیا کہ دو ہزار اس عورت کیلئے میری طرف سے ہدیہ ہیں۔ہمارے ہاں بھی اکثریت کا حال ایسا ہی ہے۔ ہمیں

دوسروں کی تکلیف اور توہین سے کوئی مطلب نہیں ہوتا لیکن جب بات خود پر آتی ہے تو ظلم محسوس ہوتا ہے۔

اگر معاشرتی طور پر ہم دوسروں کی تکلیف کو اپنا سمجھنا شروع کر دیں تو دنیا کی بہترین قوموں میں ہمارا شمار ہو۔

اگر وقت ملے تو سوچئے گا۔

نصائح ممتازة أعجبتني

يا بني لا عقل لمن لا وفاء له /

ولا مروة لمن لا صدق له/

ولا علم لمن لا رغبة له/

ولا كرم لمن لا حياء له/

ولا توبة لمن لا توفيق له/

ولا كنز أنفع من العلم/

ولا مال أربح من الحلم/

ولا حسب أرفع من الأدب/

ولا رفيق أزكى من العقل/

ولادليل أوضح من الموت/

ولا كرم أنفع من ترك المعاصي/

ولا حمل أثقل من الذنوب/

ولا عبادة أفضل من التفكر/

ولا شر أشر من الكذب/

ولا تكبر أكبر من الحمق/

ولا فقر أضر من الجهل /

ولا ذل أذل من الطمع/

ولا عار أقبح من البخل/

ولا غنى أغنى من القناعة/

يا بني من صارع الحق إنهزم/

ومن تعرض لهتك أعراض المسلمين هتك الله / عرضه

ومن أعجب برأيه ضل/

ومن تكبر على الناس ذل/

ومن شاور لم يندم/

ومن جالس العلماء وقر/

ومن جالس السفهاء حقر/

ومن قل كلامه حمدت عاقبته/

ومن عرف بالكذب لم يصدق/

ومن طاوع شهوته فضحته/

ومن لم يعرف مقادير الرجال فالحقه بالبهائم/

يا بني إني ذقت الطيبات فلم أجد ألذ من/
العافية

وذقت المرارات فلم أجد أمر من الحاجة للناس/

ونقلت الحديد والصخر فلم أجد أثقل من الدين/

يا بني إذا جاورك قوم فغض طرفك عن محارمهم/

ومن أساء إليك فأحسن إليه /

يا بني إزرع الجميل تحصد الجزيل /

واصحب الأخيار وتجنب الأشرار/

لإن الأخيار إن صاحبتهم رفعوك وإن ظلمك الناس نصروك وإن تكلمت سمعوا لك

أما الأشرار إن صاحبتهم وضعوك/

وإن أمنتهم خدعوك

وإن اطلعوا على سرك فضحوك/

وإن استغنوا عنك تركوك/

يا بني انظر إلى من هو فوقك في الدين/ والأخلاق وإلى من هو تحتك من المال

وعليك بالندامة على الذنب/

واذكر الله بالعشى والإبكار/

إذا رماك الناس بالطوب فاجمع هذا الطوب / لتسهم في تعمير بيت

وإذا رموك بالزهور فوزعها على الذين علّموك/

المرض نصيب والعلاج قرار والزواج نصيب والطلاق قرار ووجود أشخاص بحياتك نصيب والاحتفاظ بهم قرار

. فإن لم تكن تمتلك النصيب فأنت تمتلك القرار

عيوب الجسم يسترها متري قماش ولكن عيوب الفكر يكشفها أول نقاش.

ليست الأمراض فَي الأجساد فقط بل فيٍ آلأخلآق لذا إذآ رأيت سيّء الخلق فَإدعُ لهُ بِالشفآء و احمد الله الذي عآفآك ممآ ابتلاه

مخلوقون من نطفة وأصلنا من طينة وْأرقى ثيابنا من دوْدة وْأشهى طعامنا من نحلة ومرقدنا تحت الأرض حفرة

سبب المشاكل

و قطع العلاقات وشحن النفوس هو نقل الكلام فكلنا إليه راجعون عجيب من يجد لنفسه عذرا في كل شيء ولا يعذر الناس في أي شيء

**

الفراشة رغم جمالها : حشرة والصبار رغم قسوته :زهرة فلا تحكم على الناس من أشكالهم بل احكم عليهم بما تحتويه قلوبهم كن منّ تـكونّ فَاليوم تمشي وغداً مدفونّ

اهتمامنا شديد جداً بمسمّياتنا في الدنيا

بروفيسور

دكتور

مهندس

معلم]

لكن ماذا أعددنا لمسمّياتنا في الآخرة .؟[الصائمون والقائمون

والقانتون

والمتصدقون والراكعون

والذاكرون] فعلا سؤال يستحق التأمل

أكثروا من التفكير في قوله تعالى *(ياليتني قدمتُ لِحيَاتي)*

.. .. .. لتَعلمو أن الحياة الحقيقية ليسَت الآن |

ماذا خسر المسلم حين ترك صلاة الفجر ؟

١ - خسر شهادة البراءة من النفاق .

قال ﷺ : أثقل الصلاة على المنافقين صلاة العشاء وصلاة الفجر .

٢ - خسر السبب الأعظم لدخول الجنة .

قال ﷺ : من صلى البردين دخل الجنة .

البردين : الفجر والعصر .

٣ - خسر النجاة من النار .

قال ﷺ : لن يلج النار أحد صلى قبل طلوع الشمس وقبل غروبها .

. ٤ - خسر عناية الله وحفظه

. قال ﷺ : من صلى الفجر فهو في ذمة الله

. ٥ - خسر أجر قيام الليل كله

قال ﷺ : من شهد العشاء في جماعة كان له قيام نصف ليلة ومن صلى العشاء والفجر في جماعه . كان له كقيام ليلة

٦ - خسر لقاء الملائكة وسقط اسمه من سجلاتهم .

قال ﷺ : يتعاقبون فيكم ملائكة بالليل وملائكة بالنهار ويجتمعون في صلاة الصبح والعصر ثم يعرج الذين باتو فيكم فيسألهم الله وهو أعلم كيف وجدتم عبادي فيقولون تركناهم وهم يصلون . وأتيناهم وهم يصلون

٧ - خسر النور والضياء في يوم القيامة .

قال ﷺ : بشر المشائين في الظلم إلى المساجد بالنور التام يوم القيامة .

٨ - خسر الأجر والثواب الذي يعدل الدنيا ومافيها من كنوز وزينة .

قال ﷺ : ركعتي الفجر خير من الدنيا وما فيها .

أي سنة الفجر التي تصلى قبلها.

هذا أجر السنة الراتبة فكيف أجر الفريضة ؟

٩- خسر الخيرات والبركات وضيع الأجور والحسنات .

قال ﷺ : لو يعلم الناس مافي صلاة العشاء وصلاة الفجر لأتوهما ولو حبوا .

ربح المفرط بصلاة الفجر لذة النوم

.... وربح المؤمن جميع خيرات الدنيا والآخرة

قـال ابن مفلح في الآداب الشرعية:

ومما للمسلم على المسلم:

- أن يستر عورته

- ويغفر زلته

- ويرحم عبرته

- ويقيل عثرته

- ويقبل معذرته

- ويرد غيبته

- ويديم نصيحته

- ويحفظ خلته

- ويرعى ذمته

- ويجيب دعوته

- ويقبل هديته

- ويكافئ صلته

- ويشكر نعمته

- ويحسن نصرته

- ويقضي حاجته

- ويشفع مسألته

- ويشمت عطسته

- ويرد ضالته

- ويواليه ولا يعاديه

- وينصره على ظالمه

- ويكفه عن ظلمه غيره

- ولا يسلمه

- ولا يخذله

ويحب له ما يحب لنفسه -

ويكره له ما يكره لنفسه. -

[(الآداب الشرعية (1/290

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

.

کتے کے اندر 10 صفات ایسی ہیں کے ان میں سے ایک صفت بھی انسان میں پیدا ہو جائے تو وہ بزرگی تک پہنچ جاتا ہے۔

1. کتے کے اندر قناعت ہوتی ہے، جو مل جائے اسی پر قناعت کر لیتا ہے، راضی ہو جاتا ہے یہ قانعین اور صابرین کی علامت ہے .

2. کتا اکثر بھوکا رہتا ہے یہ صالحین کی علامت ہے .

3. کوئی دوسرا کتا اس پر زور کی وجہ سے غالب آ جائے تو یہ اپنی جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ چلا جاتا ہے یہ راضعین کی علامت ہے .

4. اسکا مالک اسے مارے بھی تو اسے چھوڑ کر نہیں جاتا یہ صادقین کی علامت ہے .

5. اگر اسکا مالک کھانا کھا رہا ہو تو یہ باوجود قوت اور طاقت کے، اس سے کھانا نہیں چھینتا، دور سے بیٹھ کر ہی دیکھتا رہتا ہے، یہ مسکین کی علامت ہے .

6. جب مالک اپنے گھر میں ہو تو یہ دور جوتے کے پاس بیٹھ جاتا ہے، ادنیٰ جگہ پر راضی ہو جاتا ہے، یہ متوفقین کی علامت ہے .

7. اگر اسکا مالک اسے مارے اور یہ تھوڑی دیر کے لئے چلا جائے، پھر مالک اسے دوبارہ ٹکڑا ڈال دے، تو یہ دوبارہ آ کر کھا لیتا ہے ناراض نہیں ہوتا، یہ خاشعین کی علامت ہے ۸

8. دنیا میں رہنے کے لئے اسکا اپنا کوئی گھر نہیں ہوتا، یہ متوکلین کی علامت ہے .

9. رات کو یہ بہت کم سوتا ہے، یہ محبین کی علامت ہے .

10. جب مرتا ہے تو اسکی کوئی میراث نہیں ہوتی، یہ زاہدین کی علامت ہے ...

خمس تـــاءات تأسربها قلب زوجتك

1 - تلطف معها

قاضی نے کہا :خدا کے بندے تو نےرسول اللہ ﷺ کی یہ حدیث نہیں سنی کہ دین وہ ہے جسے اللہ نے مقرر کیا اور مخلوق سب اللہ کے بندے ہیں اور سنت وہی ہے جو میرا طریقہ ہے۔ پس جس نے میرا طریقہ چھوڑ کر کوئی بدعت ایجاد کی تو اس پر اللہ کی لعنت ۔

تو اے چور !ڈاکے ڈالنا اور لوگوں کو راستے میں لوٹنا یہ بدعت ہے نبی کریم ﷺ کا طریقہ اور دین نہیں ۔میں آپ کا خیر خواہ ہوں آپ کو چوری سے منع کرتا ہوں کہ مبادا نبی کریم ﷺ کی اس لعنت والی وعید میں آپ شامل نہ ہوجائیں ۔

چور نے کہا :میری جان! یہ حدیث مرسل ہے (جو شوافع کے ہاں حجت نہیں) اور بالفرض اس حدیث کو درست بھی مان لیا جایئے تو آپ کا اس ”چور“ کے بارے میں کیا خیال ہے جو بالکل ”قلاش“ ہو فاقوں نے اس کے گھر میں ڈیرے ڈال دئے ہو ں اور ایک وقت کے کھانے کا بھی کوئی آسرا نہ ہو؟۔ایسی صورت میں ایسے شخص کیلئے آپ کا مال بالکل پاک و حلال ہے کیونکہ امام مالک رحمہ اللہ نے عبد اللہ ابن عمررضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت فرمایا کہ دنیا اگر محض خون ہوتی تو مومن کا اس میں سے کھانا حلال ہوتا۔نیز علما کا اس پر اتفاق ہے کہ اگر آدمی کو اپنے یا اپنے خاندان کے مارے جانے کا خوف ہو تو اس کیلئے دوسرے کا مال حلال ہے۔اور اللہ کی قسم میں اسی حالت سے گزررہا ہوں لہذا شرافت سے سارا مال میرے حوالے کردو۔

قاضی نے کہا :اچھا اگر معاملہ ایسا ہی ہے تو مجھے اپنے کھیتوں میں جانے دو وہاں میرے غلام و خادم نے آج جو اناج بیچا ہوگا اس کا مال میں ان سے لیکر واپس آکر آپ کے حوالے کردیتا ہوں -

چور نے کہا :ہرگز نہیں آپ کی حالت اس وقت پرندے کی مانند ہے جو ایک دفعہ پنجرے سے نکل گیا پھر اسے پکڑنا مشکل ہے ۔مجھے یقین نہیں کہ ایک دفعہ میرے ہاتھ سے نکل جانے کے بعد آپ دوبارہ واپس لوٹیں گے۔

قاضی نے کہا: میں آپ کو قسم دینے کو تیار ہوں کہ ان شاللہ میں نے جو وعدہ آپ سے کیا ہے اسے پورا کروں گا۔

چور نے کہا :مجھے حدیث بیان کی مالک رحمہ اللہ نے انہوں نے نافع رحمہ اللہ سے سنی انہوں نےعبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ :یمین (المکرہ لاتلزم(مجبور کی قسم کا اعتبار نہیں

اسی طرح قرآن میں بھی ہے الامن اکرہ و قلبہ مطمئن بالایمان مجبور آدمی زبان سے کلمہ کفر بول سکتا ہے تو مجبوری کی حالت میں جب کلمہ کفر بولنے کی اجازت ہے تو جھوٹی قسم بھی کھائی جاسکتی ہے ۔لہذا فضول بحث سے پرہیز کریں اور جوکچھ ہے آپ کے پاس میرے حوالے کردیں۔

قاضی اس پر لاجواب ہوگیا اور اپنی سواری ،مال کپڑے سوائے شلوار کے اس کے حوالے کردیا۔

چور نے کہا:شلوار بھی اتار کر دیں۔

قاضی نے کہا :اللہ کے بندے نماز کا وقت ہوچکا ہے ۔اور بغیر کپڑوں کے نماز جائز نہیں۔ قرآن کریم میں بھی ہے خذو زینتکم عند کل مسجد (اعراف ۳۱)،اور اس آیت کا معنی تفاسیر میں یہی بیان کیاگیا ہے کہ نماز کے وقت کپڑے پہنے رکھو۔

نیز شلوار حوالے کرنے پر میری بے پردگی ہوگی جبکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایاکہ وہ شخص ملعون ہے جو اپنے بھائی کے ستر کو دیکھے۔

چور نے کہا: اس کا آپ غم نہ کریں کیونکہ ننگے حالت میں آپ کی نماز بالکل درست ہے کہ مالک رحمہ اللہ نے ہم سے حدیث بیان کی وہ روایت کرتے ہیں نافع رحمہ اللہ سے وہ عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ سے کہ

العراة یصلون قیاما و یقوم امامھم وسطھم

ننگے کھڑے ہوکر نماز پڑھیںاور ان کا امام بیچ میں کھڑاہو۔

نیز امام مالک رحمہ اللہ بھی ننگے کی نماز کے جواز کے قائل ہیں مگر ان کا فتوی یہ ہے کہ کھڑے ہوکر نہیں پڑھیں گے بلکہ متفرق متفرق پڑھیں گے اور اتنی دور دور پڑھیں گے کہ ایک دوسرے کے ستر پر نظر نہ پڑے۔جبکہ امام ابو

حنیفہ رحمہ اللہ کا فتوی یہ ہے کہ کھڑے ہوکر نہیں بلکہ بیٹھ کر پڑھیں ۔

اور ستر پر نظر پڑنے والی جو روایت آپ نے سنائی اول تو وہ سندا درست نہیں اگر مان بھی لیں تو وہ حدیث اس پر محمول ہے کہ کسی کے ستر کو شہوت کی نگاہ سے دیکھاجائے۔ اور فی الوقت ایسی حالت نہیں اور آپ تو کسی صورت میں بھی گناہ گار نہیں کیونکہ آپ حالت اضطراری میں ہے خود بے پردہ نہیں ہورہے ہیں بلکہ میں آپ کو مجبور کررہا ہوں ۔لہذا لایعنی بحث مت کریں اور جو کہہ رہاہوں اس پر عمل کریں۔

قاضی نے یہ سن کر کہا کہ خدا کی قسم قاضی اور مفتی تو تجھے ہونا چاہئے ہم تو جھگ ماررہے ہیں ۔ جو کچھ تجھے چاہئے لے پکڑ لاحول ولاقوۃالاباللہ ۔اور یوں چور سب کچھ لیکر فرار ہوگیا۔

(کتاب الاذکیا ،لابن الجوزی ،ص۳۸۹)

🔅چند اہم و مفید مشورے🔅

35 سے 40 سال کے دوران انسانی جسم کی کمزوری کا سفر شروع ہوجاتا ہے ، لہذا زندگی کے اس موڑ پر اپنا زیادہ خیال رکھنے اور درج ذیل ہدایات پہ عمل کرنے کی ضرورت ہے:

رجوع الی اللہ کا اہتمام اور گناہوں سے بچیں ، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف پوری توجہ دیں ۔

مستقل ورزش کرنے کی عادت ڈالیں اور اپنے جسم کو کسی نہ کسی طریقے سے حرکت میں رکھیں ، پیدل چلیں ، تیراکی کریں یا کوئی مؤثر ورزش ۔

حد سے زیادہ کھانے پینے کا شوق اب ختم کردیں ، معیاری کھانا بقدرِ ضرورت صرف اتنا کھائیں کہ چاق و چوبند رہیں اور کمزوری محسوس نہ ہو ۔

گاڑی اور سواری وغیرہ پہ کم سے کم سفر کریں ، کوشش کریں کہ قریب کے کام پیدل سر انجام دیں ، جیسے مسجد جانا ، بازار وغیرہ جانا ۔

بےجا غصہ ، اور فضول بحث مباحثے سے اجتناب کریں ، ازخود اپنے آپ کو تنگی اور پریشانی میں نہ ڈالیں ؛ کیوں کہ اس سے دل کا سکون اور صحت برباد ہو جاتی ہے ۔

مال جمع کرنے کی ہوس کے بجائے اپنی ذات ، اہل و عیال اور نیک کاموں میں مال خرچ کریں ، اور یہ سوچ بنائیں کہ مال کمانے کا مقصد اپنے آپ کو اور اردگرد کے لوگوں کو سکھ پہنچانا ہے ۔

گہرے صدمے سے بچیں ، کسی بھی ایسی چیز پر شدید افسوس نہ کریں جو آپ کے بس میں نہ ہو ؛ بلکہ ایسی چیزوں کو بھول کر اطمینان سے آگے بڑھ جائیں ۔

عاجزی اختیار کریں ..... مال و دولت ، جاہ و منصب اور طاقت و قوت ایسی چیزیں ہیں جو انسان کو مغرور بنا کر تباہی کے دہانے پر لے جاتی ہیں ۔

بالوں کی سفیدی سے ہرگز نہ ڈریں ، یہ آپ کی عمر ختم ہونے کا سبب نہیں ، بلکہ اس بات کی نشانی ہے کہ اب آپ کی زندگی کے بہترین دن شروع ہوچکے ہیں ؛ اس لیے اللہ تعالی سے اچھا گمان رکھتے ہوئے روزمرہ کے مشاغل اور حلال کمانے کا سفر جاری رکھیں ۔

نیکی کےکام ، بالخصوص باجماعت نماز ، استغفار اور درود و سلام بالکل نہ چھوڑیں ، اس لیے کہ نیکیوں کا یہ سرمایہ اُس دن آپ کے کام آئے گا جب نہ مال فائدہ پہنچائے گا ، نہ اولاد -

اس عمدہ تحریر کے محرر کانام معلوم نہیں ،*)
(*! اللہ کریم ہمیں اس پر عمل‌کی توفیق بخشے

ایکسٹرا_ورجن_زیتون_آئل کے #طبعی_فوائد

جگر_کی_صفائی

جسمانی افعال کے لیے جگر کی بہت اہمیت ہے، یہ اندرونی نظام کی صفائی کرتا ہے مگر زہریلے مواد کی صفائی کے لیے ہمیں بھی کوشش کرنا ہوتی ہے اور ایسا زیتون کے تیل سے ممکن ہے۔ بہترین نتائج کے لیے دو کھانے کے چمچ زیتون کے تیل کو تھوڑی مقدار میں لیموں کے عرق میں ملا کر پی لیں۔

جسمانی_دفاعی_نظام_بہتر_بنائیں

اس میں موجود فیٹی ایسڈز جسمانی دفاعی نظام کے مختلف افعال کو بہتر بنانے میں مدد

دیتے ہیں، جس کے نتیجے میں مختلف موسمی امراض سے بچنا آسان ہوجاتا ہے۔

دل_کو_تحفظ_دے

کولیسٹرول کی دو اقسام ہوتی ہیں، ایک ایل ڈی ایل (نقصان دہ) اور دوسری ایچ ڈی ایل (فائدہ مند)، امراض قلب سے بچنے کے لیے ایل ڈی ایل کی سطح کو کم رکھنا ضروری ہوتا ہے جبکہ دوسری کی سطح بڑھانا ہوتی ہے، اس کا یک ذریعہ زیتون کا تیل، سبزیاں، پھل اور اجناس پر مشتمل غذا کا استعمال ہے۔

جسمانی_ورم_کم_کرے#

زیتون کا تیل جسمانی ورم میں کمی کے لیے درد کش ادویات کی طرح ہی کام کرتا ہے، ایک تحقیق کے مطابق کچھ کھانے کے چمچ زیتون کا

تیل کسی درد کش دوا جتنا اثر رکھتا ہے اور یہ قدرتی علاج ہے جس کا کوئی نقصان نہیں۔

جاوید احمد غامدی

اصلی نام”شفیق احمد

جاوید احمد غامدی اصلی نام”شفیق احمد“**
1951ء میں پنجاب کے ایک

ضلع ساہیوال کے ایک گاؤں میں پیدا ہوا۔ ایک مقامی اسکول سے میٹرک پاس کرنے کے بعد وہ 1967ء میں لاہور آگیا۔اس نے مختلف اساتذہ سے اپنی ابتدائی زندگی میں روایتی انداز میں اسلامی علوم پڑھے۔ 1973ء میں یہ امین احسن صاحب اصلاحی صاحب کی شاگردی میں آگیا جنھوں نے اس کی زندگی پر گھرا اثرڈالا۔ دس سال سے زیادہ (1979ء تا 1991ء) عرصے تک سول سروسز اکیڈمی لاہور میں بطور عربی ٹیچر

کے ملازمت کرتا رھا، نائن الیون کے واقعے کے بعد جب امریکن سی آئی اے اپنے وزیر دفاع ریمزے فیلڈ کی ھدایت پر پاکستان میں کوئی ایسا شخص ڈھونڈ رھی تھی جو پاکستانی عوام کو اسلام کے امریکن ایڈیشن کی تعلیم دے سکے تو قرعہ فال جاوید احمد غامدی جو اس وقت شفیق احمد تھا کے نام نکلا اور یہ پوری تندھی سے امریکن اسلام کی تبلیغ میں جت گیا_

جاوید احمد غامدی دورِ حاضر کے فتنوں میں ایک عظیم فتنہ ہے خصوصی طور پر ہمارا بنیادی دینی تعلیم سے محروم نوجوان ، دنیاوی تعلیم یافتہ ، اردو دان طبقہ کافی حد تک اس فتنہ کی لپیٹ میں آچکا ہے ۔فی زمانہ غامدی فکر ایک مکمل مذہب کی شکل اختیار کرچکی ہے.

یہ دور حاضر کاایک ایسا تجدد پسند گروہ ہے۔ جس نے اپنے امریکی آقاؤں کی ھدایت پر دین

اسلام کا امریکن ایڈیشن تیار کرنے کے لئے قرآن و حدیث کے الفاظ کے معانی اور دینی اصطلاحات کے مفاہیم تک بدلنے کی ناپاک جسارت کی ہے۔ یہ کہا جائے تو غلط نہ ہو گا کہ یہ بھیڑ کے روپ میں ایک بھیڑیا ہے یا جیسے رنگین خوشنما کیپسول میں زہر بھر کے بیچ رہا ھے

۔ ان میں سے ایک سلسلہ عبداﷲ چکڑالوی اور شیخ اسلم جیراج پوری سے ہوتا ہوا چوھدری غلام احمد پرویز بٹالوی (معروف منکرِ حدیث) تک پہنچتا ہے۔جن لوگوں نے اپنے عزائم اور فاسد نظریات کی ترویج میں احادیث کو رکاوٹ گردانا ، انہوں نے حجیت حدیث کا انکارکیا جبکہ قرآن پاک میں واضح ارشاد ہے کہ

وما اٰتٰکم الرسول فاخذوہ ومانہکم عنہ فانتھوا

((اعشر آیت 59، ع 7

ترجمہ: رسول جو کچھ تمہیں دیں، اس کو لے لو، اور جس چیز سے روکیں اس سے باز رہو۔

غامدی نہ صرف منکرِحدیث ہے بلکہ اسلام کے متوازی ایک الگ مذہب کا علمبردار ہے ۔ یہ شخص اپنی چرب زبانی کے ذریعے اس فتنے کو خوب پھیلا رہا ہے اور اس مقصد کے لیئے امریکی ایجنسی سی آئی اے کی مدد سے اُس کو پاکستانی الیکٹرانک میڈیا کی پوری توجہ و سرپرستی بھی حاصل ہے۔

غامدی کے منکرِحدیث ہونے کے کئی وجوہات ہیں ۔ وہ اپنے من گھڑت اُصولِ حدیث رکھتا ہے ۔ حدیث و سنت کی اصطلاحات کی معنوی تحریف کرتا ہے اور ہزاروں اَحادیث ِصحیحہ کی حجیت کا انکار کرتا ہے آسان الفاظ میں یوں سمجھیں کہ وہ صحیح حدیثِ رسول ﷺ کو بھی دین اسلام میں دلیل تسلیم نہیں کرتا

جاوید احمد غامدی کے چند معروف عقائد"
ذیل میں اسی کی کتابوں کے حوالہ جات کے
ساتھ درج ھیں تا کہ آپ کو اس فتنہ کی حقیقت
جاننے میں آسانی ہو"

عیسیٰ علیہ السلام وفات پاچکے ہیں۔ ....

[میزان، علامات قیامت، ص:178،طبع 2014]

....

قیامت کے قریب کوئی مہدی نہیں آئے گا۔

[میزان، علامات قیامت، ص:177،طبع
مئی2014]

....

مرزا غلام احمد قادیانی) غلام احمد پرویز)
سمیت کوئی بھی کافر نہیں، کسی بھی امتی کو

کسی کی تکفیر کا حق نہیں ہے۔
[[اشراق،اکتوبر2008،ص:67

....

حدیث سے دین میں کسی عمل یا عقیدے کا اضافہ بالکل نہیں ہوسکتا۔[میزان، ص:15]

...

سنتوں کی کل تعداد صرف 27 ہے۔۔
[[میزان،ص:14

ڈاڑھی سنت اور دین کا حصہ نہیں ۔....

[مقامات، ص:138،طبع نومبر2008]

مرتد کی شرعی سزا نبی کریم ﷺ کے زمانے.... کے ساتھ خاص تھی۔ [اشراق، اگست2008،ص:95]

رجم اور شراب نوشی کی شرعی سزا حد ....
نہیں۔[برہان،ص:35 تا 146،طبع فروری 2009]

اسلام میں ”فساد فی الارض“ اور ”قتل ....
نفس“کے علاوہ کسی بھی جرم کی سزا قتل
نہیں ہوسکتی.

[برہان، ص:146،طبع فروری 2009].

قرآن پاک کی صرف ایک قرآت ہے، باقی....
قراءتیں عجم کا فتنہ ہیں۔[میزان،ص:32،طبع
اپریل2002..

ہرآدمی کو اجتہادکاحق ہے۔ اجتہاد کی اہلیت....
کی کوئی شرائط متعین نہیں، جو سمجھے کہ
اسے تفقہ فی الدین حاصل ہے وہ اجتہاد کرسکتا
ہے۔

[سوال وجواب،ہٹس 612،تاریخ اشاعت:10
مارچ 2009]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ....
کرام کے بعد غلبہ دین کی خاطر (اقدامی)جہاد
ہمیشہ کے لیے ختم ہے۔ [اشراق، اپریل2011،
ص:2]

تصوف عالم گیر ضلالت اور اسلام سے متوازن....
ایک الگ دین ہے۔ [برہان، ص:181، طبع 2009]

مسلم وغیر مسلم اور مردوعورت کی گواہی....
میں فرق نہیں ہے۔ [برہان، ص:25 تا 34،طبع
فروری 2009]

زکوٰۃ کے نصاب میں ریاست کو تبدیلی کا حق ....
حاصل ہے۔ [اشراق، جون 2008، ص:70]

.... یہود ونصاریٰ کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا ضروری نہیں، اِس کے بغیربھی اُن کی بخشش ہوجائے گی۔[ایضًا]

.....موسیقی فی نفسہ جائزہے

[اشراق، فروری2008،ص:69]

....بت پرستی کے لیے بنائی جانے والی تصویر کے علاوہ ہر قسم کی تصویریں جائز ہیں۔

[اشراق،مارچ، 2009، ص:69]

....بیمہ جائز ہے۔ [اشراق، جون 2010، ص:22]

یتیم پوتا دادے کی وراثت کا حقدار ہے۔ مرنے.... والی کی وصیت ایک ثلث تک محدودنہیں۔ وارثوں کے حق میں بھی وصیت درست ہے[اشراق،مارچ2008، ص:63....مقامات:140،طبع نومبر2008]

سور کی نجاست صرف گوشت تک محدود .... ہے۔ اس کے بال، ہڈیوں، کھال وغیرہ سے دیگر فوائد اٹھانا جائز ہے [اشراق،اکتوبر1998،ص:89....بحوالہ : غامدیت کیا ہے؟]

سنت صرف دین ابراہیمی کی وہ روایت ہے.... جس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم نے دین کی حیثیت سے جاری فرمایا۔ اور یہ قرآن سے مقدم ہے۔ اگر کہیں قرآن کا ٹکراؤ یہود ونصاریٰ کے فکر وعمل سے ہوگا تو قرآن کے بجائے

یہودونصاریٰ کے متواتر عمل کو ترجیح ہوگی ۔
[[میزان،ص:14،طبع2014

عورت مردوں کی امامت کر اسکتی ہے.....
[[ماہنامہ اشراق، ص 35 تا 46،مئی2005

دوپٹہ ہمارے ہاں مسلمانوں کی تہذیبی روایت....
ہے اس کے بارہ میں کوئی شرعی حکم نہیں ہے
دوپٹے کو اس لحاظ سے پیش کرنا کہ یہ شرعی
حکم ہے ا س کا کوئی جواز نہیں۔
[ماہنامہ اشراق، ص 47،شمارہ مئی2002]

مسجد اقصی پر مسلمانوں کا نہیں اس پر....
صرف یہودیوں کا حق ہے۔

ہم سب مسلمانوں پر لازم ہے کہ

اپنے اور خاندان کے دینی عقیدے اور ایمان کی حفاظت کریں ۔ دینی علم میں اضافہ کریں اور اس فتنہ کے لیکچرز سے اتنا ہی دور رہیں جتنا قادیانیوں سے دور رہتے ہیں

ماشطة ابنة فرعون لم يحفظ التاريخ بل حفظ

●● فعلها

كانت تمشط شعر بنت فرعون فسقط المشط من يدها

وعندما إنحنت لتلتقطه قالت بسم الله

فقالت بنت فرعون أبي ؟؟

. قالت الماشطة لا بل ربي وربك ورب أبيك

فذهبت البنت وأخبرت أبيها بذلك

فنادى فرعون الماشطة وسألها من ربك ؟؟

. فقالت ربي وربك هو الله

فأمر فرعون بغلي الزيت بقدر كبير

وإحضار أولادها الثلاثة وأبنها الرضيع بينهم ..وهي

فبدأ بأكبر أولادها وحملوه الحرس ووضعوه فوق الزيت المغلي وقال لها فرعون من ربك

.. فقالت ربي وربك هو الله

فألقي بولدها الأول حتى طافت عظامه فوق .. الزيت

فجيئ بالولد الثاني وسألها من ربك قالت ربي وربك هو الله ..فألقي ولدها الثاني حتى طافت .. عظامه

فجيئ بأبنها الرضيع وحملوه ووضعوه فوق الزيت وكانت الماشطة تحبه كثرا فسألها فرعون من هو ربك؟؟؟

فسكتت وحن قلبها وشفق على إبنها فأوحى الله للرضيع أن يتكلم ولم تسمعه إلا هي وقال لاتخافي ياأماه وقولي ربي وربك هو الله فأنتي تقولين الحق ..

فنطقت الماشطة وقالت بكل عزيمة ربي وربك هو الله ..

فألقي الرضيع وطافت عظامه ثم أخذوها الحرس وألقوها بالزيت كأولادها وماتوا جميعاً ثم حملت عظامهم ورميت بوادي ..

عندما أسري بالرسول صل الله عليه وسلم وكان مع جبريل عليه السلام مروا فوق ذلك الوادي فأشتم الرسول صل الله عليه وسلم رائحة طيبة كالعنبر فسأل جبريل ماهذه الرائحة ما أطيبها ..

فقال جبريل تلك رائحة ماشطة فرعون وأولادها .

إذا قرائتها اذكر الله

أصعب كلمة وداع قيلت في التاريخ

".لعلِّي لا ألقاكم بعد عامي هذا "

اللهم كما آمنَّا به ولم نره فلا تحرمنا رؤيته ولا-
.من شفاعته يوم القيامة

الأم:

مطعمٌ إذا جعت

مستشفى إذا مرضت

حفلة إذا فرحت

منبهٌ إذا نمت

دعوات سماوية إذا غبت

فهل يا ترى بها ولها أحسنت؟!.

مرتبہ مخصوص الفاظ کے ساتھ درو

واضح رہے کہ جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد 80 مرتبہ مخصوص الفاظ کے ساتھ درود شریف پڑھنے کی مذکورہ فضیلت بعض ضعیف روایات سے ثابت ہے، اور جو ضعیف حدیث اپنے شرائط کے مطابق ہو، اس پر عمل کیا جاسکتا ہے۔

دلائل:

وفی القول البدیع:

من صلّٰى صلاةَ العصر من يوم الجمعة فقال قبل”
أن يقوم من مكانه : أللّٰهم صل علٰى محمد النبي
الأمي وعلٰى أٰله وسلم تسليمًا ثمانين مرةً، غفرت
له ذنوبُ ثمانين عامًا، وكتبت له عبادة ثمانين

ماہنامہ دارالعلوم ، شمارہ3، جلد:101 ، جمادی الاخری 1438 ہجری مطابق مارچ 2017ء

مذہبی مذاکرہ ـــــ اصول وآداب

بہ قلم: مولانا محبوب فروغ احمد قاسمی

شیخ الحدیث مدرسہ حسینیہ کایم کلم، کیرالا

دنیا کی موجودہ صورتِ حال گذشتہ ادوار سے بالکل مختلف ہے، آج دنیا کے اکثر حصوں میں الگ الگ بولی بولنے والے متضاد جادئہ فکر رکھنے والے، مختلف طرزِ زندگی اختیار کرنے والے اور جدا جدا راہِ عمل اپنانے والے مل جل کر بستے

ہیں، دنیا میں چین وسکون کے ساتھ جینے کے
لیے ملی جلی آبادی میں بسنے والے انسانوں سے
راہ ورسم کو استوار رکھنا ازبس ضروری ہوتا ہے؛
کیوں کہ بسا اوقات نفرت وتشدد کا ماحول
صرف دنیوی شب وروز کو ہی مکدر نہیں کرتا
ہے؛ بلکہ دینی رجحانات وخیالات پر بھی برا اثر
پڑتا ہے، پھر ہوتا یہ ہے کہ امن وسکون کا باغ
وبہار رسہ کشی وتناؤ کا شکار ہوکر ویران ہوجاتا
ہے-

اس صورتِ حال سے پہلے بھی انسان دوچار تھا؛
مگر محدود پیمانے پر، جب سے مشینی دور کا
آغاز ہوا اور دنیا کی پھیلی ہوئی آبادی سمٹ کر
ایک آئینہ میں نظر آنے لگی تو ہرخوشی
وناخوشی بین الاقوامی بن گئی، اب ایک جگہ کا
دکھ ہر جگہ محسوس کیا جاسکتا ہے اور ایک
جگہ کی خوشی ہر حصہ میں جشن کا ماحول
بنادیتی ہے؛ لیکن کرب ودرد کی داستان کے

مقابلہ میں خوشی ومسرت کی خبریں کم ہوتی ہیں؛ اس لیے پوری دنیا ایک درد اور ایک ہی کرب کی شکار معلوم ہورہی ہے، جس سے ناخوش گوار ماحول ہرمکان ومکین پر چھاچکا ہے، اس کی کڑواہٹ کو کم کرنے یا مٹانے میں مذاکرات وباہمی تبادلۂ خیال کو خاص طور پر کلیدی کردار ادا کرنے والا اور اساسی میز سمجھا جانے لگا ہے۔ اس میں بہت حد تک تیزی آئی ہے، کچھ تو اسلام دشمنوں، خاص طور پر کیتھولک کلیسا کی سوچی سمجھی سازش کو بھی اس کے کردار میں دخل رہا ہے؛ اس لیے کسی بھی قسم کا مذاکرہ منعقد کرتے وقت ایک مسلمان کو بہت ہی حساس رہنے کی ضرورت ہے، ایسا نہ ہوکہ دشمنان اسلام کی دسیسہ کاری کی نذر اسلام کا دعوتی نظام ہوجائے اوراسی میں الجھ کر اصل مقصد سے دور ہوتے چلے جائیں، نیز کہیں ایسا نہ ہو کہ اپنا تشخص اور اپنی شناخت ہی سے ہاتھ

دھونا پڑجائے۔ افہام وتفہیم کے بجائے خود مرعوبیت کا شکار ہوکر خرمنِ اسلام کو تاخت وتاراج کرنے کی جدوجہد شروع کریں؛ اللہ تعالیٰ ان سب سے مسلمانوں کو محفوظ رکھے، آمین!

پوری حساسیت، بے دار مغزی، شریعتِ اسلام سے بے پناہ محبت ولگاؤ کے جذبہ اور دینِ اسلام کی حقانیت و صدقات کا بھرپور یقین رکھ کر اس میدانِ خاردار میں ایک مومن کو قدم رکھنا چاہیے، تب ہی نتیجہ خیز اور امید افزا فضا استوار ہوپائے گی۔

مذاکرہ سے مقصود دوسروں کو مطمئن کرنا اور ان کے ذہنی خلجان کو دور کرنا ہوتا ہے،اسی کو افہام وتفہیم بھی کہتے ہیں، اسی کے قریب قریب مناظرہ بھی ہے، جس میں مخاطب کے اعتراضات کا جواب دیا جاتا ہے،کوئی ضروری نہیں ذہنی طور پر اسے اطمینان بھی حاصل ہوجائے، مناظرہ بھی بعض اوقات مفید ثابت ہوتا

ہے، احقاقِ حق اور ابطالِ باطل کے لیے ایک
ضروری ومضبوط حربہ ہے، ہمارے بزرگوں نے
بھی اس میدان میں قدم رکھ کر اسلام اور
تعلیماتِ اسلام کو خوب سربلند کیاہے۔ ان کے
مناظرانہ کارنامے بہت دنوں تک اور بہت دور تک
گلی کوچوں تک میں لوگوں کے چرچے کا
موضوع بنے رہے۔ اب چرچہ کم ہوکر کتابوں کی
زینت ہیں؛ لیکن کچھ مدت پہلے سے دیکھا رہا ہے
کہ میدانِ عمل کا یہ سنہرا باب ”مناظرہ“ میدانِ
مباحثہ کا ادبی وخطابی اکھاڑہ ہوکر رہ گیاہے؛
بلکہ باطل تشدد کو بھڑکانے میں مددگار ثابت
ہورہا ہے؛ اس لیے اس کے بجائے مذاکرہ وباہمی
تبادلۂ خیال کا طریقہ اختیار کیا جانے لگا، اس
سے اسلام کو کتنا نفع ہوا اور کتنا نقصان ہوا،
اس سے بحث نہیں بظاہر اتنا فائدہ نظر آتا ہے کہ
بیمار سماج کی غلط فہمی سے بہت حد تک ذہن
صاف ہوجاتا ہے اور دل حقیقت کو قبول کرلیتا

ہے، خواہ اس کا برملا اظہار کرنے میں ہچکچاہٹ باقی رہ جائے۔

اسلامی تاریخ سے واقف حضرات سے یہ مخفی نہیں ہے کہ اسلام کی نشر واشاعت میں افہام وتفہیم پر کافی زوردیاگیا ہے، نزولِ وحی کے بعد سے ہی یہ سلسلہ شروع ہوگیا، کفارِ مکہ بالخصوص خاندانِ نبوت کے مختلف قبائل وافراد سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گفت وشنید، پھر اسلام لانے والوں کے سامنے اسلام کی دعوت، نتیجتاً لوگوں کا پس وپیش کرنا، سب مذاکرہ کے وسیع مفہوم کے تحت آتا ہے، صلح حدیبیہ کے موقع پر قبائلِ عرب جن خدشات میں مبتلا تھے، ان خدشات کو عروہ بن مسعود ثقفی ودیگر حضرات نے باہمی مذاکرہ میں فصیح وبلیغ لب ولہجہ میں بیان کیا تھا، مذاکرہ کی مشروعیت پر اس کو دلیل بنایا

جاسکتا ہے، امام بخاری نے طویل حدیث ذکر کی ہے، عروہ کا قول ان الفاظ میں نقل کیا ہے:

أَیْ مُحَمَّدُ! أَرَأَیْتَ إِنِ اسْتَأْصَلْتَ أَمْرَ قَوْمِکَ، ہَلْ سَمِعْتَ بِأَحَدٍ مِنَ العَرَبِ اجْتَاحَ أَہْلَہُ قَبْلَکَ، وَإِنْ تَکُنِ الأُخْرَی، فَإِنِّی وَاللَّہِ لَأَرَی وُجُوہًا، وَإِنِّی لَأَرَی أَوْشَابًا مِنَ النَّاسِ خَلِیقًا أَنْ یَفِرُّوا وَیَدَعُوکَ الخ (بخاری شریف: ۱/۳۷۸، کتاب الشروط، باب الشروط فی الجہاد)

(اے محمد! ذرا بتائیے اگر آپ نے اپنی قوم کو نیست ونابود کرہی دیا تو آپ نے کسی عربی کے بارے میں سنا ہے کہ اس نے آپ سے پہلے اپنی اصل کو ہی کریددیاہو، اگر صورتِ حال دوسری ہو تو بخدا میں آپ کے پاس مختلف قبائل کے افراد دیکھ رہا ہوں یہ لوگ فرار اور آپ کو چھوڑ دینے کی ذہنیت کے حامل معلوم ہوتے ہیں)

عام الوفود میں یمن کے نصاریٰ کی جماعت دربارِ رسالت میں حاضر ہوئی جو کتابوں میں

”وفدنجران“ سے معروف ومشہور ہے۔ یہ وفد اہل
لوگوں کا تھا، اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سے بہت طویل مذاکرہ ومکالمہ کیا ہے،
انھوں نے مسجد نبوی میں کعبہ کی طرف رخ
کرنے کے بجائے بیت اللحم کا استقبال کرکے اپنی
عبادت بھی ادا کی ہے، اللہ کے رسول نے منع کرنے
سے صحابہ کو روک دیا؛ کیوں کہ ان کی شریعت
میں ایسا ہی تھا۔ (فقہ السیرۃ للغزالی:۴۵۹-۴۶۳)

ان مذاکرات کا سلسلہ بعد کے ادوار میں بھی
جاری رہا اور ہنوز جاری ہے۔ غور کرنے کی
ضرورت ہے کہ ایک مسلمان کودوسروں سے کن
موضوعات پر مذاکرہ کرنے کی گنجائش ہے، نیز
ہمارا رویہ کیا ہونا چاہیے کہ مذاکرہ اپنے صحیح
اور اصلی مقصد تک پہنچ سکے، اسی طرح کیا
طریقہ کار ہو جو زیادہ سے زیادہ لوگوں کو
اسلام اور اس کی پاکیزہ تعلیمات سے مانوس
کرکے باطن کو جھنجھوڑسکے۔

مذاکرہ کے موضوعات

چوں کہ مذاکرہ کا مقصد دعوت وتبلیغ کی فضاء ہموار کرنا، اسلام واسلامی احکام کے تئیں پائے جانے والے خدشات کا ازالہ، غلط فہمی کی وجہ سے پیداہونے والے حالات کا سازگار بنانا اور حق کی صحیح تفہیم ودل نشیں تشریح ہے؛ اس لیے اس کا موضوع سماجی وسیاسی کے علاوہ مذہبی بھی ہوسکتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کفار ومشرکین سے جو مکالمات ہوئے ہیں، ان میں کفار کی نیت کچھ بھی ہو؛ مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شرکت بہرحال افہام وتفہیم کے لیے ہی تھی۔ ایک موقع پر تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت ہی عجلت کے ساتھ ایسی مجلس میں پہنچے، جس میں عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ابوسفیان بن حرب، نضربن الحارث، ابوالبختری بن ہشام، اسود بن مطلب بن اسد، زمعہ بن اسود، ابوجہل، امیہ

بن خلف کے علاوہ اور بھی شرفائے قریش جمع
تھے، انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو
مذاکرہ کی دعوت دی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم
کو جیسے ہی معلوم ہوا فوراً ہی مجلس میں
رونق افروز ہوئے، ان حضرات نے اپنی بات رکھی:

”آپ نے اپنی اس دعوت سے جماعتوں میں تفرقہ
ڈال دیا ہے، سب کی آرزوؤں پر پانی پھیردیا، باپ
دادا والا موروثی دین کا کچا چٹھا نکال دیا ہے۔
آخر کیا مقصد ہے؟ اگر مال کا حصول مقصود ہے
تو ہم اتنا مال جمع کیے دیتے ہیں کہ آپ سب سے
زیادہ مالدار تصور کیے جائیں، اگر سیادت
وقیادت کی خواہش ہے تو ہم سب آپ کو قائد
وحاکم ماننے کے لیے تیار ہیں، اگر کسی حسین
وجمیل خاتون سے شادی چاہیے تو ہم اس کے لیے
کوشش کرتے ہیں، یا اگر کسی قسم کی بیماری کا
یہ اثر ہے تو ہم سب مل کر علاج کرادیتے ہیں“۔

گویا کہ ان سرداروں کو دعوتِ اسلام کی بابت کچھ غلط فہمیاں واقعتا تھیں یا انھوں نے بناوٹی انداز میں ظاہر کیاتھا۔ اللہ کے رسول نے ان کی غلط فہمی کا ازالہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

مَا بِی مَا تَقُولُونَ، مَا جِئْتُ بِمَا جِئْتُكُمْ بِهِ أَطْلُبُ أَمْوَالَكُمْ، وَلَا الشَّرَفَ فِيكُمْ، وَلَا الْمُلْكَ عَلَيْكُمْ، وَلَكِنَّ اللَّهَ بَعَثَنِی إِلَيْكُمْ رَسُولًا، وَأَنْزَلَ عَلَیَّ كِتَابًا، وَأَمَرَنِی أَنْ أَكُونَ لَكُمْ بَشِيرًا وَنَذِيرًا (سیرۃ ابن ہشام:۱/۲۳۶، مطبوعہ:دارالخیر)

ترجمہ: جو کچھ آپ لوگوں نے کہا ان میں سے کوئی بات نہیں ہے، میں آپ حضرات سے نہ تو مال کا مطالبہ کرنے کے لیے حاضرہوا اور نہ ہی شرافت وسیادت مطلوب ہے؛ لیکن میں آپ کے پاس رسول بناکر بھیجا گیا ہوں، مجھ پر کتاب نازل ہوئی، مجھے اللہ نے حکم فرمایا ہے کہ میں

آپ کے لیے جنت کی بشارت دینے والا اور جہنم سے ڈرانے والا بنوں۔

اس طرح کے اور بھی مکالمات ہیں جو مذہبی مذاکرہ کے جوازپر دلالت کرتے ہیں؛لیکن مذہبی مذاکرہ ایک خاردار وادی ہے یہاں بڑی احتیاط سے چلنے کی ضرورت ہے۔ نہ تو ہرکس وناکس کو اس میں گھسنے کی اجازت ہوسکتی ہے اور نہ ہی ہر وقت صرف مذاکرہ مذاکرہ کا نعرہ لگاکر اصل دعوتی مشن سے کنارہ کشی اختیار کی جاسکتی ہے؛ اس لیے:

(الف) ضروری ہے کہ مذاکرہ کرنے والے افراد پہلے تو دین اسلام کے ہرگوشہ سے پورے طور پر بصیرت کے ساتھ مطمئن ہوں ورنہ جس کو خود شرح صدر نہ ہو، وہ دوسروں کو کیا اطمینان دلاسکتا ہے، ”خفتہ را خفتہ کے کند بیدار“ بلکہ خدانخواستہ دوسری جانب کا پلہ بھاری پڑگیا اور شکوک وشبہات سے اس کے ذہن کو

الجھادیاگیا تو مذاکرہ کا فائدہ تو کجا اس کے مضراثرات سماج میں پھیل جائیں گے۔

(ب) نیز یہ بھی ضروری ہے کہ جن حضرات سے مذاکرہ ہورہا ہے، ان کے مابین جن کتابوں کو مقدس سمجھاجاتاہے، ان کے اس حصے پر کم از کم قابویافتہ ہو جو ہمارے دین اور ہماری شریعت کے مزاج ومذاق سے ہم آہنگ ہو؛ بلکہ دین وایمان کی ان سے تائید ہورہی ہوتاکہ وقت پڑنے پر ان کو پیش کیا جاسکے؛ کیوں کہ یہ حقیقت ہے کہ ہر طرح کی تحریف کے باوجود ابھی بھی ان کتابوں میں ایک معتد بہ حصہ ایسا ضرور پایاجاتا ہے، جو اسلام کی تائید کے لیے کافی ہے، حتی کہ ہندوؤں کی مذہبی کتاب گیتا،رامائن، وید وغیرہ میں بہت سے اشلوک ودفعات اس بابت موجود ہیں۔

(ج) یہ بھی لازم ہے کہ مذاکرہ صرف رسمی ورواجی نوعیت کا نہ ہو اور نہ ہی خودغرضی

وخودنمائی کے داعیہ سے ہو، ورنہ دین کے بجائے دنیا بن کر رہ جائے گا۔ آخر اسی ہندوستان میں کچھ صدی پہلے ابوالفضل وفیضی، عبداللہ سلطان پوری وملا مبارک جیسے علماء کے بحث ومباحثہ اور اظہارِ برتری، ریا ونمائش نے اسلام کے خرمن کو خاکستر کرکے ”دینِ الٰہی“ کے نام سے ناپاک نظام کو جنم دیا تھا، جس کی اصلاح وتجدید کے لیے حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ اور ان کے رفقا کو کتنی جانفشانی برداشت کرنی پڑی اور ایک طویل عرصے کے بعد ”عالمگیر اورنگ زیب“ کے زمانے میں صحیح اسلام کی ضیاپاشی ہوسکی؛ اس لیے نیک جذبات، مکمل وثوق واعتماد، یقین کاملِ، مضبوط اعتقاد اور عمل وکردار سے لیس ہوکر اس میں شامل ہونے سے بامقصد اور موٴثر مذاکرہ وجودپذیر ہوسکے گا۔

دوسروں پر تنقید کے حدود

مشرکانہ عمل اور معصیت کے کام سے ایک مومن کے لیے سمجھوتہ تو ممکن نہیں؛ بلکہ مذاکرہ کا مقصد ہی ان کو ایسے اعمال سے باز رکھنا اور مثالی ماحول برپا کرنا ہے؛ البتہ دعوتی اصول وضوابط کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

(۱) دعوت کا کام احکام سنانا ہی نہیں؛ بلکہ ان پر عمل کرنے کی طرف بلانا ہے، لہٰذا بلانے کے تمام اصول وضوابط کو اپنایا جائے گا۔ بلانا اسی وقت موثر ہوتا ہے؛ جبکہ مخاطب کو بلانے کے اندازسے وحشت اورنفرت نہ ہو، نیز اس میں استہزاء و تمسخر کا پہلو نہ ہو، ورنہ اولِ وہلہ میں ہی مخاطب بدک جائے گا۔

پیغمبرانہ دعوت کی یہی شان تھی، لوگوں کی طرف سے خواہ کتنا بھی مذاق اڑایاگیا، دین ومذہب پر فقرے کسے گئے، ذاتیات تک پر حملہ کیاگیا، قومِ نوح اپنے پیغمبر کو خطاب کرکے کہہ رہی ہے: انَّا لَنَراکَ فِيْ ضَلالٍ مُّبِیْن (ہم آپ کو

کھلی ہوئی گمراہی میں پاتے ہیں) مگر پیغمبر کا جواب بس یوں ہوتا ہے: یٰقَوْمِ لَیْسَ بِیْ ضَلاَلَۃٌ ولٰکِنّي رَسُولٌ مِنْ رَّبِّ الْعَالِمِیْنَ (میرے بھائیو! مجھ میں کوئی گمراہی نہیں، میں تو رب العالمین کا رسول وقاصد ہوں)

حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کا انداز کتنا دل آزار ہے: انَّا لَنَرَاکَ فِيْ سَفَاہَۃٍ وَانَّا لَنَظُنُّکَ مِنَ الْکٰذِبِینَ (ہم تو آپ کو بیوقوف سمجھتے ہیں اور ہمارا خیال ہے کہ آپ جھوٹ بولنے والوں میں سے ہیں) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تو فرعون اور اس کی قوم نے حد کردی، فرعون کہتا ہے: کون رب العالمین؟ اللہ کے پیغمبر نے جب رب السماوات والارض کہہ کر اپنے موقف کا اظہار کیا تو فرعون نے استہزاء کرتے ہوئے کہا: أَلَا تَسْمَعُونَ (لوگو! سن رہے ہو) کیسی بے عقلی کی بات کررہے ہیں، حضرت موسیٰ نے اس کا کوئی بُرا اثر نہیں لیااور اتنا کہا: رَبُّکُمْ وَرَبُّ

آبَائِكُمُ الْأَوَّلِيْنَ (تمہارے اورتمہارے باپ داداؤں کا رب وہی ہے) تو فرعون جھلاکر کہتا ہے: انَّ رسولَكُمُ الَّذِيْ أرسِلَ الَيْكُم لَمَجْنُوْن (تمہارا رسول تو مجنون ودیوانہ معلوم ہوتا ہے) لیکن پیغمبراُن سب سے بے پرواہ ہوکر کہہ رہے ہیں: رَبُّ الْمشْرِقِ وَالمَغْرِب وَمَا بَيْنَہُمَا انْ كُنْتُم تَعَقِلُوْن (وہ رب مشرق ومغرب کا ہے اور جوکچھ ان کے درمیان ہے اگر تم کچھ عقل رکھتے ہو)

خاتم الانبیاء کو دعوت کی راہ میں کتنا کچھ کہاگیا! ساحر ودیوانہ کے لقب سے توکبھی شاعر وکاہن سے یاد کیاگیا؛ مگر آپ نے کبھی استہزاء کا جواب استہزاء سے نہیں؛ بلکہ پیار ومحبت سے دیا۔ استہزاء وتمسخر کا رد عمل بعض اوقات بہت مضر ثابت ہوتا ہے اور فتنہ کاباب کھول دیتا ہے۔ قرآن کریم نے ایسے دل آزار انداز اختیار کرنے سے سختی سے منع کیا ہے:

وَلاَ تَسُبُّواْ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ فَيَسُبُّواْ اللّهَ عَدْواً بِغَيْرِ عِلْم (الأنعام: ١٠٨)

(اور تم لوگ برا نہ کہو ان کو جن کی یہ پرستش کرتے ہیں اللہ کے سوا، پس وہ برا کہنے لگیں گے اللہ کو بے ادبی سے بدون سمجھے)

اس آیت کے تحت مشہور مفسر جصاص لکھتے ہیں:

اس میں اس پر دلیل ہے کہ اہلِ حق پر ضروری ہے کہ ان بے وقوفوں کو برا بھلا کہنے سے باز رہیں جو ردِعمل کے طور پر اللہ کو برا بھلا کہنے پر بہت جلداتر آتے ہیں؛ کیوں کہ یہ معصیت پر برانگیختہ کرنے کے مرادف ہے۔(احکام القرآن ٣٠/٩ مطبوعہ: دارالفکر)

مشہور مالکی مفسر علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

علماء نے فرمایا: اس کا حکم اس امت میں ہروقت باقی ہے، پس جب کافر قوت میں ہو اور

خوف ہو کہ وہ اسلام یا نبی علیہ السلام یا اللہ تعالیٰ کو برابھلا کہے گا تو مسلمانوں کے لیے جائزنہیں کہ ان کے صلیبوں، دین، عبادت گاہوں کو برابھلا کہیں اور نہ ان چیزوں سے تعرض کریں جو مذکورہ برائی تک پہنچائے؛ اس لیے کہ یہ معصیت پر برانگیختہ کرنے کے مرادف ہے۔ (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی: ۴/۲۸ سورئہ انعام)

(۲) قرآن کریم نے دعوت کے اصول میں ”حکمت“ پر خاص طور پر توجہ دی ہے، حکمت کی تفسیر وتشریح کا حاصل یہ ہے کہ جو بات کہی جارہی ہے، وہ مبنی برحقیقت ہو اور انداز ایسا اختیار کیا جائے جو دل میں اتر کر قبول کرنے کی اپیل کرے۔ دل میں اترنے کے لیے حالات کے تقاضوں کو دھیان میں رکھنا ضروری ہے، ہر ایک سے گفتگو کا انداز یکساں نہیں ہوگا، مذاکرہ میں حصہ لینے والے بعض افراد آخرت کے قائل اوروجودِ صانع

کے معترف ہوں گے تو بعض خالص مادہ پرست، آخرت کے تصور سے بے گانہ، صانع وخالق کے وجود ووجوب کے منکرہوں گے، مزاج ومذاق کے اعتبار سے بھی مختلف ہوں گے، بعض بے جا تشدد وتعصب کے گھناؤنے مرض میں مبتلا، تو بعض سادگی ونرمی کے لبادہ پوش ہوں گے۔

بہرحال پہلے تقاضائے وقت اور اشخاص وافراد کے احوال سے آشنا ہونا ضروری ہے، پھر جہاں تشدد کی ضرورت ہوتو تشدد کو بروئے کار لایا جائے؛ لیکن جہاں نرمی سے کام چل رہا ہو تو نرمی برتی جائے؛ بلکہ جہاں تک ہوسکے تشدد کے بجائے سنجیدہ وشائستہ لب ولہجہ، محبت سے بھرا انداز اختیار کیا جائے، قرآنِ کریم نے مکالمہ کے موقع پر خاص طور پر ”احسن طریق“ اختیار کرنے کی تلقین کی ہے: وَلَاتُجَادِلُوا أَہْلَ الْکِتَابِ الّا بالَّتِيْ ہِيَ أَحْسَن (اہلِ کتاب سے مجادلہ احسن انداز میں کرو) حضرت موسیٰ وحضرت ہارون

علیہما السلام کو جب فرعون کے پاس بھیجا گیا تو خاص طور پر حکم دیا گیا: قُوْلاَ لَہ قَوْلاً لَیِّنًا (ان سے بات کرنے میں نرم گفتاری اختیار کیجیے)

اسی شیریں انداز سے اسلام کا دائرہ وسیع ہوا۔ حلقہ بگوش اسلام کے حالات کا اگر سرسری جائزہ بھی لیاجائے تو یہ بات بخوبی واضح ہوگی کہ ان کو متاثر کرنے میں سختی سے زیادہ شائستگی وحرفِ شریں نے کردار اداکیاہے۔ قرآنِ کریم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص وصف امتیاز، نرم گفتاری اور کریمانہ اخلاق کو بیان کیا ہے۔

لیکن اس کا مطلب ہرگز نہیں کہ یک گونہ تشدد کو بھی راہ نہ دیا جائے؛ بلکہ بوقت ضرورت کچھ سخت کلام بھی اپنا کام کرتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عروہ بن مسعود ثقفی ودیگر سردارانِ حجاز سے صلح حدیبیہ کے موقع

پر جو تبادلۂ خیال کیا، ان میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر میں یہ بھی فرمایا:

وَإِنْ ہُمْ أَبَوْا، فَوَالَّذِی نَفْسِی بِیَدِہِ لَأُقَاتِلَنَّہُمْ عَلَی أَمْرِی ہَذَا حَتَّی تَنْفَرِدَ سَالِفَتِی، وَلَیُنْفِذَنَّ اللَّہُ أَمْرَہُ (بخاری:۱/۳۷۸، کتاب الشروط، باب الشروط فی الجہاد)

ترجمہ: اگر وہ حضرات انکار کرتے ہیں تو خداکی قسم میں، ان سے اس امر پر قتال کروں گا؛ تاآں کہ میری گردن الگ ہوجائے یا اللہ تعالیٰ اپنے امر کو نافذ وغالب کردے۔

مطلب یہ ہے کہ اگر تیکھا انداز غیرمناسب ہے تو دبادبا لب ولہجہ اور مرعوبانہ گفتار بھی بعض اوقات مناسب نہیں کہ مخالفین جری ہوجائیں اور سمجھنے لگیں کہ مسلمانوں کے پاس شاید ٹھوس اقدام کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔

(۳) تیسری اہم پیش رفت ”موعظتِ حسنہ“ کے ساتھ ہونی چاہیے، اس کا سادا سا مفہوم ہے کہ مخاطبین کو باور کروانے کی حتی الامکان کوشش کی جائے کہ جو کچھ کہا جارہا ہے، وہ خیرخواہی کے جذبہ سے کہا جارہاہے خود غرضی وخودنمائی مطلوب نہیں ہے۔ حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اپنے ملفوظات میں اس پر بار بار زوردیا ہے کہ بات اچھی ہو، کہنے کاانداز اچھاہو، نیز نیت خیرخواہی کی ہو تو یقینا وہ بات متاثر کرے گی۔

اس لیے ان کے سامنے حق کے فضائل اور اس کے خلاف کرنے کی صورت میں جو وبال آسکتا ہے عقلی ونقلی ہر طرح سے رکھ دیا جائے، انبیائے کرام کی دعوت میں جابجا قوم کو ”یاقومی“ اے میری قوم، اے میرے بھائی، سے خطاب کیاگیا ہے، اس میں یہی راز پنہاں ہے کہ مخاطب کو یقین آجائے کہ ہم سے گفتگو کرنے والا بھائی مان

کر مخاطب ہورہا ہے، اس سلسلہ میں اگر مخاطب قوم کے بزرگوں اور رشی منیوں کی مقدس کتابوں سے ان امورکو ان کے سامنے رکھا جائے جو اسلام کے موافق ہیں تو ”خیرخواہ“ ہونے کا تصور پختہ ہوجائے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شاہ روم کو جب دعوتی خط روانہ کیاتو اس میں جہاں اس کے جاہ ومنصب کا لحاظ رکھا، وہیں ایک متفق علیہ امر کا ذکر کرکے ان کو قریب کرنے کی کوشش فرمائی۔

(۴) اعترافِ حق: اگر شرکاء کی طرف سے کوئی حق بات آتی ہے تو اس کا بھرپور استقبال کیا جائے اور فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس کا اعتراف کیاجائے، اس سے قبولِ حق کے لیے ماحول سازگار ہوتاہے۔

(۵) مذاکرہ اگرکسی وجہ سے ناکام ہوجائے توایسے موقع پر سنجیدگی ومتانت کا مظاہرہ کیاجائے، بے جا الزام تراشی سے احتراز کرتے

ہوئے لکم دینکم ولی دین کا سہارا لے کر ساری باتوں کو انگیز کیا جائے؛ تاکہ آیندہ کے لیے موافق حالات پیدا ہوسکیں۔

ان امور کی رعایت سے ان شاء اللہ مذاکرہ وتبادلۂ خیال کا خاطرخواہ فائدہ برپاہوسکتا ہے۔ ورنہ مذاکرے ہوتے رہیں گے؛ لیکن مسئلہ جہاں کا ہے وہیں رہے گا، ہر شخص اس صور میں پھونک مارنے کے لیے بے تاب ہوگا؛ مگر اس پھونک سے دنیا تو کجا ارد گرد میں گونج پیدا نہ ہوسکے گی۔

دل آزاری سے بچو

حضرت شیخ سعدی رحمتہ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں

کہ میں کچھ بزرگوں کے ہمرا کشتی میں سوار تھا

اور ہماری کشتی کے پیچھے ایک اور چھوٹی کشتی آرہی تھی۔

اتفاقاً وہ چھوٹی کشتی ڈوب گئی اور اسمیں موجود دو بھائی بھنور میں پھنس گئے۔

ہماری کشتی میں موجود ایک بزرگ نے ملاح سے کہا کہ تم ان دونوں کو زندہ نکال لاؤ

تو تمہیں ہر ایک کے بدلے پچاس دینار دوں گا۔

ملاح نے دریا میںچھلانگ لگائی اور بھائی کو زندہ بچالیاجبکہ دوسرا مر گیا۔

میں نے ملاح سے کہا کہ یہ زندہ اس لیے بچ گیا کہ اسکی زندگی ابھی باقی تھی جبکہ دوسرے کا وقت پورا ہوچکا تھا،اسلیے تو اسے بچا نہ سکا۔

ملاح نے میری بات سنی تو مسکرا دیا اور کہنے لگا کہ آپ کی بات درست ہے مگر اسکی ایک وجہ اور بھی ہے کہ میں ایک مرتبہ جنگل میں سفر کررہا تھا اور جب دورانِ سفر تھک گیا تھا تو جسے میں نے بچالیا،اسنے مجھے اونٹ پہ بٹھالیاتھا

اور مرنے والے نے بچپن میں ایک مرتبہ مجھے کوڑے مارے تھے،جس سے میری دل آزاری ہوئی تھی۔

حضرت شیخ سعدی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں
کہ میں نے ملاح کی بات سنی تو کہا کہ اللہ
عزوجل کا فرمان حق ہے

کہ جس نے نیک اعمال کیےوہ اسکے نفع کےلیے
ہیں اور اگر کسی نے برے اعمال کیے انکا وبال
اس پر ہے۔

،جہاں تک ممکن ہو کسی کا دل نہ دکھاؤ

اس لیےاس راہ میں بےشمار کانٹے ہیں اور
درویش کی حاجت روائی کروکہ تمہارے خود کے
کئی کام ابھی باقی ہیں۔

پس یاد رکھو کہ دل آزاری سے بچو اور جہاں تک
ممکن ہو

،کسی کا دل نہ دکھاؤ

اگر کوئی تمہارے ساتھ نیکی کرے ت اس کے
احسان مند رہو اور موقع ملنے پر اس کی نیکی
کا بدلہ نیکی کے ساتھ دو

*** هل تحب أن تحصل رفق الله بك؟ ***

|

في صحيح مسلم أن النبي صلى الله عليه وسلم▫️
دعا فقال: *(اللهم، من ولي من أمر أمتي شيئاً
فشق عليهم فاشقق عليه، ومن ولي من أمر أمتي
شيئاً فرفق بهم، فارفق به)*

قال النووي:* هذا من أبلغ الزواجر عن المشقة▪️*
على الناس، وأعظم الحث على الرفق بهم، وقد
تظاهرت الأحاديث بهذا المعنى📜(شرح مسلم
213/12)

قال المُناوي:* قوله (فاشقق عليه) أي: أوقعه▪️*
في المشقة، جزاءاً وفاقاً.

وهذا دعاء مجاب، وقضيته لا يشك في حقيقتها •
(عاقل ولا يرتاب. 📜(فيض القدير 106/2

:قال الشيخ ابن عثيمين▪️

من ولي من أمر أمتي شيئاً) يشمل القليل)
والكثير، حتى مدير المدرسة في مدرسته، والرجل
في أهله، وكل من ولي شيئاً فالواجب عليه أن
يرفق بمن ولاه الله عليهم، حتى يحصل على هذه
الدعوة المباركة من النبي صلى الله عليه وسلم،
وهي أن يرفق الله تعالى به. 📜(تعليقه على
(مسلم 9/231

عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال:

|

إياكم والجلوس في الطرقات))! قالوا: يا رسول)) الله، ما لنا من مجالسنا بد، نتحدث فيها. فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ((فإذا أبيتم إلا المجلس، فأعطوا الطريق حقه)) قالوا: وما حق الطريق يا رسول الله؟ قال: ((غض البصر، وكف الأذى، ورد السلام، والأمر بالمعروف، والنهي عن المنكر)).

متفق عليه.

اللهم_صل_وسلم_وبارك_على_سيدنا_محمد

حسن النيه وجبر الخاط

مرت إمرأة بجانب رجل مجذوب، وبيده عود يرسم به على الأرض، فشفق قلبها عليه وسألته: ماذا تفعل هنا ؟

. قال: أرسم الجنة وأقسمها إلى أجزاء فابتسمت

قالت له: هل يمكن أن آخذ قطعة منها ؟

وكم ثمنها ؟

. نظر إليها وقال: نعم أحتاج فقط عشرين ريالا

أعطت المرأة المجذوب عشرين ريالا وبعض الطعام وذهبت .

وفي ليلتها رأت في المنام أنها في الجنة، وفي الصباح قصت الرؤيا على زوجها وما جرى معها

. مع الرجل المجذوب

فقام الزوج وذهب إلى الرجل المجذوب ليشتري قطعة منه و قال له: أريد أن أشتري قطعة من الجنة، كم ثمنها ؟

. قال الرجل المجذوب : لا أبيع

فتعجب الرجل، وقال له: بالأمس بعت قطعة . لزوجتي بعشرين ريالا

فقال الرجل المجذوب : إن زوجتك لم تكن تطلب الجنة بالعشرين ريالا، بل كانت تجبر بخاطري، أما أنت فتطلب الجنة وحسب ، والجنة ليس لها ثمن . "محدد، لأن دخولها يمر عبر "جبر الخواطر

- اجبروا خواطر بعضكم بعضا، فإنه من سار بين الناس جابرا للخواطر أنقذه الله من جوف المخاطر

شرح قصيدة "مولد الفخار" من "موالد" عارفي السودان الأخيار - نظم، وجمع وترتيب - أحمد الأمين أبوجمَّاع

٧- فخرجتَ مرفوعَ الجبينِ موحدا * ياخيرَ من * قـرتْ بـه الأرحامُ

روى أنه: عند ولادته، صلى الله عليه وسلم خرج جاثيا على ركبتيه، رافعا رأسه الى السماء، ولا غرو فهو سيد المرسلين، وقائد الموحدين، والغر المحجلين، وخير من ولدته النساء، وقرت به الأرحام. يقول الشنقيطي: "وبعد تمام تسعة أشهر من حمله تهيأت لمقدم مولده العوالم

العلوية والسفلية، فحضرت مريم، وآسية، وحور حظيرة القدس، بلا ريب ولا اشكال" ٢٠.

ويقول: " فأتي صلى الله عليه وسلم نورا ليس كمثله شىء من الأنوار الخلقية، واضعا يديه، رافعا راسه الى السماء بسكينة وابتهال(٢١) وظهر عند ولادته من الارهاصات الغيبية، ما ملئت منه الدفاتر وكلت عن حصره ألسن المقال وابتهجت العوالم، ونشرت المعالم، ودارت كؤوس الهناء بكرة وعشية، وانتشر النور، ودام الأنس، والسرور على بساط الدلال"(٢٢) ويقول الشيخ المجذوب: "أخرج القاضي عياض في الشفا حديثا جليلا طوبى لمن به اشتفى: عن ابن عباس رضى الله عنهما قال: قال رسول رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الله سبحانه وتعالى قسم الخلق قسمين فجعلني في خيرهم قسما، فذلك قوله تعالى: "وأصحاب اليمين ما اصحاب اليمين اليمين"٢٣ واصحاب

الشمال ما أصحاب الشمال"(٢٤) فأنا من أصحاب اليمين، وأنا خير أصحاب اليمين، الصلاة والسلام عليك يا رسول الله، ثم جعل القسمين أثلاثا فجعلني في خيرهم ثلثا، فذلك قوله تعالى: "فاصحاب الميمنة ما أصحاب الميمنة وأصحاب المشئمة ما أصحاب المشئمة والسابقون السابقون"(٢٥) فأنا من السابقين، وأنا خير السابقين، الصلاة والسلام عليك يا نبي الله، ثم جعل الأثلاث قبائل فجعلني في خيرها قبيلة، وذلك قوله تعالى: "وجعلناكم شعوبا وقبائل لتعارفوا إن أكرمكم عند الله اتقاكم". (٢٦) فأنا أتقى بني آدم واكرمهم على الله ولا فخر، وجعل القبائل بيوتا فجعلني من خيرها بيتا ولا فخر، وذلك قوله تعالى: "إنما يريد الله ليذهب عنكم الرجس أهل البيت ويطهركم تطهيرا". (٢٧). ويقول السيد البدري عبد الله: "فولدته صلى الله عليه وسلم يتلألأ كالقمر

نظيفا من السوائل بل كسته الأنوار والوقار علاه. يا محيا أضـاء منك سناء * واسـتعـار الوجـود منـك به بهـاء * بك سر الكمال دار رحاء * واستمـدت من نورك الأنبياء * وبرز من بطن أمه رافعا طرفه إلى قبلة الدعاء العلية، مشيرا بذلك لرفع مقامه على سائر الأمم، وقربه من حضرة مولاه"(٢٨).

٢٠- مولد انسان الكمال - محمد المختار الشنقيطي - صفحة ٢٥

٢١- مولد انسان الكمال - صفحة ٢٩

٢٢- مولد انسان الكمال - الشنقيطي

٢٣- سورة الواقعة الآية ٢٧

٢٤- سورة الواقعة - الآية ٤١

٢٥- سورة الواقعة الآية ٨ - ١٠

٢٦- سورة الحجرات - الآية ١٣

٢٧- سورة الاحزاب - الآية ٣٣

٢٨- مولد الانوار القدسية - السيد البدري عبد الله
..- صفحة ٥